دیکھو ان دو روایات سے امام اعظم کی کس حیثیت کی کیسی زبردست شہادت ملتی ہے کہ امام اعمش جیسے جلیل القدر امام حدیث ان سے مسئلہ دریافت ہونے پر یہ فرماتے ہیں کہ اس کا حسن جواب تو امام ابوحنیفہؒ ہی دے سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے علم میں عجیب برکت بخشی ہے اور پھر دوسری روایت میں امام صاحبؒ کے اس کمال کی داد دیتے ہوئے کہ جو حدیثیں ہم نے بیان کیں آپ نے ایک گھڑی میں ان کا بیان کر دیا ہے تو یہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ دوا فروش ہیں اور تم لوگ طبیب ہیں اور ہم لوگ محدثین دوا فروش ہیں۔ غیر مقلد صاحب کو تبہ مقلدہ وائمہ تین اس دلیل سے قرار دیتے ہیں کہ آپ تو شمار نہ ہر دو کمال رکھتے ہیں یعنی دوا فروش بلکہ تنہا ہی ہیں اور طبیب اور فقیہ بھی۔ اللہ اکبر امام صاحبؒ کی حیثیت پر اس سے بڑھ کر شہادت کیا چاہیے۔

شعر آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

۳۔ عبد اللہ بن المبارکؒ متوفی ۱۸۱ھ جن کی تعریف تقریب میں ثقہ ثبت فقیہ عالم جواد مجاہد جمعت فیہ خصال الخیر لکھی ہے اور صاحب اتحاف النبلاء نے لکھا ہے کہ آپ نے امام مالکؒ سفیان الثوری سفیان بن عیینہؒ وغیرہ وغیرہ جیسے مشاہیر سے روایت کی اور علم حاصل کیا ہے اور امام احمدؒ ان کے شاگردوں سے ہیں پھر یہ بھی لکھا ہے کہ آپ پہلے امام ابوحنیفہؒ کے شاگردوں میں سے تھے ان کی وفات کے بعد مدینہ منورہ میں جا کر امام مالکؒ کی شاگردی کی اور ان سے تفقہ حاصل کیا تو آپ امام اعظم ابوحنیفہؒ کی نسبت اس طرح سے شہادت دیتے ہیں جو حیرات الحسان کے صفحہ ۲۱ میں اس طرح پر لکھی ہے، قال عبد اللہ لیس احد احق ان یقتدی من ابی حنیفۃ لانہ کان اماما تقیا ورعا عالما فقیہا کشف العلم



کشفا لم یکشفہ احد ببصر وفہم وفطنۃ وتقی یعنی امام ابوحنیفہؒ سے بڑھ کر کوئی شخص اس بات کا مستحق نہیں ہے کہ اس کی تقلید کی جائے کیونکہ وہ ایک امام متقی پرہیزگار، عالم فقیہ تھے انہوں نے علم کو ایسی بصارت فہم، ذکاوت اور تقویٰ سے کھولا ہے ایسا کسی نے نہیں کھولا۔

دیکھو محدثین کے پیشوا نے کس زور سے امام اعظمؒ کی فضیلت کو دلائل سے ثابت کر کے امام مالکؒ متوفی ۱۷۹ھ پر بھی ان کو کامل ترجیح دی ہے حالانکہ امام مالکؒ کے تربیت یافتہ اور مشہور ہیں کہ شاگرد پہلے آخری استاد کو ترجیح دیا کرتے ہیں مگر آپ نے انصاف کو مد نظر رکھ کر صاف صاف فرما دیا کہ کوئی شخص امام ابوحنیفہؒ سے بڑھ کر اس بات کا مستحق نہیں کہ اس کی تقلید کی جائے۔ اس شہادت کو دیکھ کر حیدر آبادی کو چاہیے کہ وہ چپنی میں پانی ڈال کر مر رہے بجز افسوس۔

شعر شرم چہ کتی است کہ پیش مرداں بیاید

۴۔ معمر بن راشدؒ متوفی ۱۵۴ھ جن کو تقریب میں ثقہ ثبت فاضل کہا ہے اور ترمذی وغیرہ کے یہ اعلیٰ رواۃ سے ہیں تبییض الصحیفہ کے صفحہ ۲۰ میں ان کی شہادت امام اعظمؒ کے حق میں اس طرح لکھی ہے روی الخطیب عن عبد الرزاق قال کنت عند معمر واتاہ ابن المبارک فسمعت معمرا یقول ما اعرف رجلا یحسن التکلم فی الفقہ ویسعہ ان یقیس ویشرح الحدیث فی الفقہ احسن معرفۃ من ابی حنیفۃ ولا اشفق علی نفسہ من ان یدخل فی دین اللہ شیئا من الشک من ابی حنیفۃ یعنی عبد الرزاق کہتے ہیں کہ میں معمر کے پاس تھا عبد اللہ بن مبارک ان کے پاس آئے معمر کہنے لگے کہ میں ایسے کسی شخص کو نہیں جانتا کہ جو فقہ میں اچھی طرح سے گفتگو کر سکتا ہو اور جس کو قیاس کرنے کی بھی وسعت ہو اور فقہ و حدیث کی شرح کی قدرت

رکھتے ہو۔ جب کہ امام ابوحنیفہ کو یہ سب باتیں حاصل ہیں اور مجتہد ہونے ابوحنیفہ کے ایسا
کوئی علم نہیں آتا تو اپنے نفس میں اس بات کا بہت ڈر رکھتے ہو کہ دین الہی میں کسی
طرح کی کوئی مشکوک بات داخل کر دے۔

دیکھو جب ایسی زبردست شہادت سے امام اعظم کا نہ صرف فقیہ اور شارح
حدیث اور صاحب الرائے ہونا ہی بلکہ ان اوصاف میں بے مثل ہونا ثابت ہے اور
نیز کہ آپ جب دینی امور میں محتاط اور خائف من اللہ دنیا بھر میں کوئی نہ تھا تو پھر کیا نہیں
کو امام ہمام کے برخلاف زبان طعن دراز کرنے سے سوائے اپنی عاقبت خراب کرنے کے
اور کچھ حاصل نہیں ہے۔

۵۔ عمرو بن دینار المکی متوفی ۱۲۶ھ جو کبار تابعین سے ہیں۔ ان کی
تعریف میں صاحب تقریب نے ثقہ ثبت کے الفاظ لکھے ہیں اور ائمہ صحاح
کے اعلیٰ رواۃ سے ہیں۔ وہ امام ابوحنیفہ کی ابتدائی ہی حالت میں بڑی عزت
کرتے تھے ان کی نسبت خیرات الحسان کے صفحہ ۳۵ میں اس طرح پر لکھا ہے: وقال
حماد بن زید کنا نأتی عمرو بن دینار فاذا جاء ابوحنیفۃ اقبل علیہ
وترکنا فسألہ ابوحنیفۃ مسائلہ فیحدثنا یعنی حماد بن زید جو امام عمرو
کے اعلیٰ رواۃ سے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہم عمرو بن دینار کے پاس جایا کرتے تھے پس جبکہ
امام ابوحنیفہ آتے تو آپ ان کی طرف متوجہ ہو جاتے اور اس بات پر ہمیں چھوڑ دیتے
کہ امام صاحب سے ہم مسائل پوچھیں پس ہم ان سے مسائل پوچھتے اور امام ابوحنیفہ
حدیثیں بتاتے تھے۔

دیکھو عمرو بن دینار جیسے جلیل القدر فقیہ، محدث جو بقول امام ذہبی اپنے زمانہ
میں علم و انتقاد اور اتقا تسلیم کیے گئے تھے جب امام ہمام کے ابتدائی زمانہ میں ہی ان
[illegible] عزت کرتے تھے تو انتہائی زمانہ میں جب ہر طرح سے آپ کو کمال حاصل



ہو گیا تھا۔ تو پھر وہ امام اعظم اور پیشوائے امت کیوں نہ تسلیم کیے جائے۔

۶۔ مسعر بن کدام متوفی ۱۵۳ھ جن کی تعریف تقریب التہذیب میں
ثقہ ثبت فاضل کے الفاظ سے کی گئی ہے اور ائمہ صحاح ستہ کے ہی شیوخ
سے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کی نسبت ان کی رائے خیرات الحسان کے صفحہ ۳۱ میں اس طرح پر
نقل ہے: وقال مسعر بن [illegible]
[illegible] لا تحفظ [illegible]
[illegible] فقال لصحته فانه ما صح منه
[illegible] لقد رأیت مسعرا في حلقة ابي حنيفة
[illegible] یعنی مسعر بن کدام نے
[illegible] جس شخص نے اپنے اور اللہ کے درمیان امام ابوحنیفہ کو واسطہ گردانا، امید
ہے کہ اس کو کچھ خوف و خطر نہ ہو گا۔ ان سے کہا گیا کہ آپ نے جب صحابہ کی رائے کو
[illegible] اعتبار کیا ہو گا اس لیے کہ انہی کی رائے تھی علم کے
[illegible] (یعنی انہی کی رائے سے زیادہ صحیح
[illegible] کہتے ہیں کہ میں نے مسعر کو امام ابوحنیفہ کے حلقہ
میں [illegible] ان سے مسائل پوچھتے اور استفادہ کرتا تھا اور کتنا کہیں
نے آپ سے افقہ کوئی نہیں دیکھا۔ کتاب امام موفق صفحہ [illegible] میں لکھا ہے:
[illegible]
[illegible]
[illegible] هولاء [illegible]
هولاء يجهدون في احياء سنة النبي صلى الله عليه وسلم و
يجتهدون في اخراج الجهال من جهلهم هولاء افضل الناس.

یعنی ابو سحاق قاضی خوارزم کہتے ہیں کہ ایک روز مسعر بن کدامؒ ابو حنیفہؒ اور ان کے اصحاب کی مجلس کے پاس سے جب گذرے تو دیکھا کہ وہ مسائل فقہ میں بحث کر رہے تھے کہ راستہ سے کچھ دیر کے لیے ٹھہر گئے۔ پھر کہا یہ لوگ شب بیداروں، تہجد پڑھنے والوں سے افضل ہیں۔ یہ لوگ سنتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زندہ کرنے میں مشغول ہیں اور جاہلوں کو جہل سے نکالنے میں کوشش کر رہے ہیں۔

اللہ اکبر!! دیکھو اہل حدیث کے پیشوا حضرت مسعر بن کدامؒ تو امام اعظمؒ کی نسبت کس قدر حسن اعتقاد رکھتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور اپنے درمیان امام ابو حنیفہؒ کو وسیلہ گردانے اس کو کوئی خوف و خطر نہیں ہوگا اور کہ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے اصحاب احیائے سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے شب بیدار اور عابدوں وغیرہ سے افضل ہیں۔ مگر علم اور فقاہت سب اعمال صالحہ سے افضل ہے اور کوئی عمل اس کے رتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔

۷۔ عبد الملک بن عبد العزیز ابن جریجؒ متوفی ۱۵۰ھ جن کی تعریف میں تقریب التہذیب میں ثقہ، فقیہ، فاضل کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں اور ائمہ صحاح کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ خیرات الحسان کے صفحہ ۳۳ میں امام ابو حنیفہؒ کی نسبت ان کا قول اس طرح پر لکھا ہے۔ عن [illegible] قال [illegible] جریج لما بلغه من علمه وشدة ورعه وصيانته لدينه وعلمه احسبه سيكون له في العلم شأن عجيب وذكر عنده يوما فقال اسكتوا انه لفقيه انه لفقيه۔ یعنی ابن جریجؒ کو جب امام ابو حنیفہؒ کا علم و ورع اور تقویٰ کا حال معلوم ہوا تو کہنے لگے عنقریب اس شخص کی علم کے بارہ میں عجیب شان ہوگی۔ ایک روز آپ کے سامنے امام ممدوح کا ذکر ہوا تو کہنے لگے خاموش رہو یقیناً فقیہ ہے۔ خیرات الحسان کے صفحہ ۲۹ میں لکھا ہے: لما بلغ ابن جریج



[illegible] بمكة وشيخ شيوخ الشافعي موته استرجع وقال اي علم ذهب یعنی جب ابن جریجؒ فقیہ مکہ کو جو امام شافعیؒ کے شیوخ کے شیخ ہیں امام ابو حنیفہؒ کی موت کی خبر پہنچی تو آپ نے استرجاع کے بعد کہا آج علم کا ایک بڑا بھاری حصہ ختم ہو گیا۔

۸۔ داؤد الطائیؒ متوفی ۱۶۰ھ جن کی تعریف میں صاحب تقریب نے ثقہ، فقیہ، فاضل کے الفاظ لکھے ہیں اور امام نسائی کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ کی نسبت ان کی شہادت خیرات الحسان کے صفحہ ۳۵ میں اس طرح پر لکھی ہے: ذکر عند داؤد الطائی فقال ذلك نجم يهتدي به الساري وعلم تقبله قلوب المؤمنين یعنی داؤد طائیؒ کے پاس امام ابو حنیفہؒ کا ذکر ہوا تو آپ نے کہا کہ وہ ایک روشن ستارہ ہیں جس کی روشنی میں سب ہدایت پاتے ہیں اور آپ ایسے عالم ہیں کہ تمام مومنوں کے دل آپ کو قبول کرتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے جو آپ کو نہیں مانتا وہ مومن نہیں ہے۔

۹۔ محمد بن اسحاق امام المغازی متوفی ۱۴۲ھ جن کو امام بخاری امیر المومنین فی الحدیث کے لقب سے پکارتے ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ کی نسبت جو ان کا خیال تھا اس کا حال کتاب المناقب موفق جلد ۲ کے صفحہ ۳۳ میں اس طرح پر لکھا ہے۔ عن یونس بن بکیر يقول قدم محمد بن اسحاق [illegible] [illegible] [illegible] عن [illegible] في مسائل [illegible] یعنی یونس بن بکیرؒ جو [illegible] کے رواۃ سے ہیں، کہتے ہیں کہ محمد بن اسحاق جب کوفہ میں آئے تو [illegible] سے ذکر مغازی سنا کرتے تھے اور وہ ان دنوں بار بار امام ابو حنیفہؒ کے مقام پر جا کر ملا کرتے تھے اور بہت دیر تک آپ کے پاس ٹھہرتے اور مسائل پیش آمدہ کا ان سے استفادہ کرتے تھے۔

دیکھو [illegible] محدثین کی حدیث [illegible] کا [illegible]
[illegible] حدیث ہیں۔ اب کا [illegible] ابو حنیفہؒ کی زیارت کو بھی قیامت کے
[illegible] مسئلہ [illegible] کی بیعت آپ سے [illegible]
[illegible] فضیلت [illegible] دلیل ہے [illegible] محبت ہے [illegible]
جب وہ محدثین [illegible] کا محدث ملتے ہیں اور [illegible] سے [illegible]
کی اعلیٰ فضیلت کی شہادت ملتی ہے [illegible] حدیث [illegible] سے کس
طرح انکار کرسکتے ہیں۔ سچ ہے:

[illegible] والفضل ما شهدت به [illegible]

۱۰۔ شعبة بن الحجاج متوفی سنہ [illegible] کی تعریف میں صاحب تقریب
نے ثقہ، حافظ، متقن، کان الثوری یقول ہو امیر المؤمنین فی الحدیث کے الفاظ
لکھے ہیں اور [illegible] کے [illegible] سے ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ کی نسبت [illegible]
کتاب [illegible] میں اس طرح پر لکھی ہے۔ [illegible]
[illegible]
[illegible] ہیں کہ جب کبھی امام
ابو حنیفہؒ کی [illegible] حضرت شعبہ سے [illegible]
تھے [illegible] ابو حنیفہ [illegible] کرتے تھے۔ [illegible]
میں [illegible] لکھی ہے [illegible] وقال [illegible]
[illegible] والله [illegible]
یعنی شعبہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم امام ابو حنیفہؒ نہایت [illegible] تھے [illegible]
[illegible]
[illegible] سے [illegible] اس وقت [illegible]



[illegible] میں لکھا ہے: فلما بلغ شعبة موته استرجع وقال طفئ عن
[illegible] نور العلم [illegible] بمثله ابدا۔ یعنی جب شعبہ کو آپ
کی وفات کی خبر پہنچی تو استرجاع کے بعد کہنے لگے آج کوفہ کا چراغ علم گل ہوگیا۔ اور
[illegible] کوفہ کو قیامت تک اس کی نظیر ملنا محال ہے۔

۱۱۔ مُحَمَّد بن مَيْمُون متوفی [illegible] جو [illegible] کے اعلیٰ [illegible]
[illegible] تقریب میں ان کی نسبت ثقہ، فاضل کے الفاظ لکھے ہیں۔ امام الائمہ کے
[illegible] ان کی شہادت خیرات الحسان کے [illegible] میں اس طرح لکھی ہے [illegible]
[illegible] الحافظ محمد بن ميمون [illegible] حنيفة [illegible]
[illegible] ولا ازهد ولا اعرف ولا افقه منه [illegible] والله [illegible]
[illegible] دينار۔ یعنی حافظ الحدیث محمد بن میمون کہتے ہیں کہ امام
ابو حنیفہؒ کے زمانہ میں [illegible] اور [illegible] کوئی شخص ان سے بڑھ کر [illegible]
[illegible] اللہ کی قسم مجھے ان سے [illegible]
[illegible] کی خوشی [illegible] دینار کے مل جانے سے بھی زیادہ ہوتی تھی۔

دیکھو محدثین امام ابو حنیفہ سے احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
[illegible] کس قدر مشتاق تھے اور ان سے ایک ایک حدیث کی کس قدر قدر کرتے تھے۔
[illegible] کے مل جانے سے بھی ان کو زیادہ خوشی ہوتی ہے۔

۱۲۔ عبد الله بن المبارك متوفی [illegible] جو کبار تابعین سے ہیں [illegible] کی
[illegible] تقریب میں ثقہ، ثبت، فقیہ، فاضل کے الفاظ لکھے ہیں اور [illegible] میں
[illegible] ۔ [illegible] الفقه [illegible] ولا ائمة وكان ثقة [illegible]
[illegible] الفتوى [illegible] اور آئمہ صحاح ستہ کے اعلیٰ [illegible] سے ہیں۔
[illegible] ان کی عمر ۳۲ سال کے [illegible] کیا کرتے تھے

ان کی نسبت کتاب امام موفق جلد ۲ صفحہ ۳ میں اس طرح پر مروی ہے: عن المحارب بن عبد الرحمٰن قال کنا نکون عند عطاء بن ابی رباح بعضنا خلف بعض فاذا جاء ابوحنیفة اوسع له وادناه. یعنی محارب بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ ہم لوگ یکے بعد دیگرے پیچھے واسطے سماعت احادیث کے امام عطا بن ابی رباح کے پاس بیٹھے ہوتے تھے کرتے تھے جب ابوحنیفہؒ آجاتے تو وہ ان کے لیے جگہ فراخ کر دیتے اور اپنے بہت نزدیک بٹھا لیتے۔

دیکھو جس شخص کا استاد اس کے ساتھ شاگردی میں ہی اس کی اس قدر عزت و حرمت کرے وہ ذات والا کوئی معمولی استاد نہ ہو بلکہ اپنے وقت کا ایک مسلم امام و مقتدر ہو جب وہ شاگرد بنے کمال میں حتی ہونے پر کیوں مقتدائے امت مجتہد نہ ہوتا۔

۱۳۔ فضیل بن عیاض متوفی ۱۸۷ھ۔ جن کی نسبت ثقہ، عابد، امام کے الفاظ تقریب میں لکھے ہیں اور ترمذی کے علی رواۃ سے ہیں۔ ان کی شہادت امام کی نسبت تبییض الصحیفہ کے صفحہ ۱۶ میں اس طرح پر لکھی ہے۔ روی احمد عن سعید بن منصور قال سمعت فضیل بن عیاض یقول کان ابوحنیفة رجلا فقیها معروفا بالفقه مشهورا بالورع وکان اذا وردت علیه مسألة فیها حدیث صحیح تبعه وان کان عن الصحابة والتابعین والا قاس واحسن القياس. یعنی سعید بن منصور جو رجال صحاح ستہ کے مشہور راویوں میں، کہتے ہیں کہ میں نے فضیل بن عیاض کو کہتے سنا ہے کہ امام ابوحنیفہ ایک مرد فقیہ تھے جو فقہ اور ورع میں مشہور تھے اگر کوئی ایسا مسئلہ وارد ہوتا کہ اس کے متعلق کوئی صحیح حدیث مل سکے تو اس پر عمل کرتے تھے اگرچہ وہ صحابہؓ یا تابعین سے مروی ہو۔ ورنہ قیاس کرتے تھے اور اچھا قیاس کیا کرتے تھے۔

۱۴۔ سفیان بن عیینة متوفی ۱۹۸ھ جن کی نسبت تقریب میں ثقہ، حافظ،



فقیہ، امام، حجۃ کے الفاظ لکھے ہیں اور ائمہ صحاح کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ امام کی نسبت ان کی شہادت خیرات الحسان کے صفحہ ۳۱ میں اس طرح پر لکھی ہے۔ وقال ابن عیینة ما رأت عینی مثله. یعنی ابن عیینہ نے فرمایا کہ میری آنکھ نے امام ابوحنیفہؒ جیسا کوئی شخص نہیں دیکھا۔ اور کتاب امام موفق جلد ۱ صفحہ ۲۸۵ میں مروی ہے۔ عن ابی یعقوب المروزی سمعت ابن عیینة یقول لم یکن فی زمان ابی حنیفة بالکوفة رجل افضل منه واورع ولا افقه منه۔ ابن عیینہ فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ کے زمانہ میں کوفہ میں کوئی شخص ان سے افضل اور اورع اور افقہ نہیں تھا۔

۱۵۔ یحییٰ بن سعید القطان متوفی ۱۹۸ھ جن کی تعریف تقریب میں ثقہ، متقن، حافظ، امام، قدوۃ کے الفاظ سے لکھی ہے۔ وفی الخطیب عن یحیی بن معین قال سمعت یحیی بن سعید یذهب فی الفتوی الی قول الکوفیین ویختار قوله من اقوالهم ویتبع رایه من بین اصحابه. یعنی یحییٰ بن معین جو امام جرح و تعدیل ہیں کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن سعید قطان کو سنا وہ کہتے تھے کہ بخدا ہم جھوٹ نہیں کہتے۔ ہم نے کوئی شخص امام ابوحنیفہؒ سے زیادہ صحیح الرائے نہیں سنا۔ اور ہم نے اکثر آپ کے اقوال کو لیا ہے۔ راوی کہتا ہے کہ یحییٰ بن سعید فتوی میں کوفیوں ہی کی طرف رجوع کرتے تھے۔ اور ان کے اقوال سے امام ابوحنیفہ کے قول کو اختیار کرتے تھے اور آپ کے اصحاب میں سے آپ کی رائے پر عمل کرتے تھے۔ کتاب امام موفق جلد ۱ صفحہ ۹۰ میں مروی ہے۔ عن یحیی بن معین سمعت یحیی القطان یقول جالسنا واللہ اباحنیفة وسمعنا منه وکنت واللہ اذا نظرت الیه عرفت فی وجهه انه یتقی اللہ عز وجل۔ یعنی یحیی قطان فرماتے ہیں کہ بخدا ہم

ابو حنیفہ کی صحبت میں رہا ہوں اور ان سے بہت مسائل سنے ہیں۔ اللہ کی قسم میں جس وقت آپ کے چہرہ کو دیکھتا تھا تو تقویٰ اور ورع کے آثار موجود پاتا تھا۔

۱۶۔ **حفص بن عبد الرحمن بلخی** متوفی ۱۹۹ھ جن کو تقریب میں صدوق عابد کہا گیا ہے اور نسائی و ابو داؤد کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ امام اعظم کی نسبت ان کی شہادت کتاب موفق جلد ۲ کے صفحہ ۳ میں اس طرح لکھی ہے۔ قال حفص بن عبد الرحمن جالست [illegible] الناس من اهل الزهد والفقه والورع فلم ار فيهم احدا جمع هذه الخصال مثل ابي حنيفة یعنی حفص بلخی فرماتے ہیں کہ میں نے ہر قسم کے علماء، زہاد اور اہل ورع کی صحبت کی لیکن ان تمام اوصاف کا مجموعہ بغیر امام ابو حنیفہ کے کوئی نہیں دیکھا۔

۱۷۔ **حسن بن صالح کوفی** متوفی ۱۶۹ھ جو بقول تقریب ثقہ فقیہ عابد اور ائمہ صحاح کے اعلیٰ رواۃ سے تھے۔ امام ابو حنیفہ کی نسبت ان کی شہادت کتاب موفق جلد ۱ کے صفحہ ۸۹ میں اس طرح مروی ہے: عن احمد بن عبد الله قال الحسن بن صالح كان ابو حنيفة شديد الفحص عن الناسخ من الحديث والمنسوخ فيعمل بالحديث اذا ثبت عنده عن النبي صلى الله عليه وسلم وعن اصحابه وكان عارفا بحديث اهل الكوفة وفقه اهل الكوفة شديد الاتباع لما كان عليه الناس ببلده وقال كان يقول ان لكتاب الله ناسخا ومنسوخا وان للحديث ناسخا ومنسوخا وكان حافظا لفعل رسول الله صلى الله عليه وسلم الاخير الذي قبض عليه [illegible]



صحاح ستہ کے اعلیٰ رواۃ سے ہیں۔ روایت کرتے ہیں کہ حسن بن صالح کہتے تھے کہ امام ابو حنیفہ ناسخ و منسوخ حدیث کی سخت تلاش میں مصروف رہتے تھے اور اسی حدیث پر عمل کرتے تھے جو آنحضرت اور آپ کے اصحاب سے ان کو ثابت ہوتی تھی۔ اور حدیث و فقہ اہل کوفہ کے عارف بھی تھے بلکہ ان احادیث کے جو ان کے شہر کے لوگوں کی عمل درآمد میں تھیں شدید الاتباع تھے اور کہتے تھے کہ جس طرح کتاب اللہ میں ناسخ و منسوخ آیات ہیں۔ اسی طرح احادیث بھی ناسخ و منسوخ ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل اخیر کے حافظ تھے جس پر آپ نے وفات پائی اور ان کے شہر کو ذریعے پہنچا تھا۔

۱۸۔ **جریر بن عبد الحمید کوفی** متوفی ۱۸۸ھ جو بقول تقریب [illegible] کے قاضی ثقہ صحیح الکتاب اور ائمہ صحاح ستہ کے اعلیٰ رواۃ سے ہیں ان کی شہادت امام ابو حنیفہ کی نسبت موفق جلد ۲ صفحہ ۱۵ میں اس طرح مروی ہے: عن موسى بن نصر سمعت جريرا يقول كان المغيرة يلومني [illegible] احضر مجلس ابي حنيفة ويقول لي [illegible] ولا تقعد عن مجلسه [illegible] تجتمع عند حماد ولكن يجتمع [illegible] ما كان يسمع له یعنی جریر کہتے ہیں کہ اگر میں کسی دن امام ابو حنیفہ کی مجلس میں حاضر ہوتا تو مجھ کو حضرت مغیرہ بڑی ملامت کرتے اور کہتے کہ ان کی مجلس میں بیٹھا کرو اور کبھی غیر حاضر مت ہو کیونکہ تم امام حماد کی خدمت میں بھی جمع نہ ہوتے تھے جو اسرار علم کے امام ابو حنیفہ سے کھلتے ہیں۔ وہ امام حماد سے بھی نہ کھلتے تھے۔

۱۹۔ **یاسین بن معاذ الزیات** جو بقول [illegible] ذہبی [illegible] کوفہ کے [illegible] محدث فقیہ اور مضبوط سمجھے [illegible] موفق جلد ۱ صفحہ ۲۱۰ میں ان کی شہادت [illegible] ابو حنیفہ [illegible]

ہوئی ہے: عن وزیر بن عبد اللہ سمعت یاسین الزیات بمکۃ وعنده عظیمۃ وھو یصیح باعلی صوتہ ویقول یا ایھا الناس اختلفوا الی ابی حنیفۃ واغتنموا مجالستہ وخذوا من علمہ فانکم لم تجالسوا مثلہ ولن تجدوا اعلم بالحلال والحرام منہ فانکم ان فقدتموہ فقدتم علما کثیرا۔ یعنی "وزیر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے سنا ہے کہ یاسین الزیات نے مکہ میں ایک عظیم جماعت کے اندر زور سے پکار کر کہا کہ اے لوگو تم امام ابوحنیفہؒ کی خدمت میں حاضر ہونا اور ان کی مجلس میں بیٹھنا غنیمت سمجھو اور ان سے علم حاصل کرو کیونکہ تم ان جیسی مجلس پھر حاصل نہ کر سکو گے اور ان سے حلال و حرام کا بہت جاننے والا کبھی نہ پا سکو گے پس اگر اس وقت تم نے ان کو کھو دیا تو یہ سمجھو کہ تم نے بہت علم کھو دیا۔"

۲۔ حفص بن غیاث القاضی الکوفی متوفی ۱۹۴ھ جو ثقہ، فقیہ ہیں اور امام احمد و اسحق بن راہویہ و ابن مدینی اور یحییٰ بن معین کے استاد اور صحاح کے اہل روات سے ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہؒ کی نسبت موفق جلد ۲ صفحہ ۲ میں اس طرح پر مروی ہے: عن موسی بن سلیمان الجوزجانی سمعت حفص بن غیاث یقول سمعت ابی حنیفۃ کتبہ وآثارہ فما رأیت ذکی قلباً منہ ولا اعلم بما یفسد ویصح فی باب الاحکام منہ وفی روایۃ محمد بن سماعۃ عن حفص یقول ابوحنیفۃ نادر من الرجال لم اسمع بمثلہ قط فی فہمہ وفطنہ۔ یعنی: موسیٰ بن سلیمان کہتے تھے کہ میں نے حفص بن غیاث سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ میں نے امام ابوحنیفہؒ کے کتب و آثار سنے ہیں پس میں نے کوئی ان سے بہت صاف و ذکی قلب نہیں دیکھا اور نہ حلال و حرام

عالم کا علم ان سے کوئی پایا ہے اور محمد بن سماعہ کی روایت میں ہے کہ حفص فرماتے تھے کہ ابوحنیفہؒ یکتا رجال میں سے ہیں۔ میں نے کوئی فہم و نظر میں ان جیسا ہرگز نہیں سنا۔

۳۔ وکیع بن الجراح متوفی ۱۹۷ھ جو امام شافعی و احمد بن حنبل کے اساتذہ سے ہیں اور جن کی تعریف تقریب میں "ثقہ"، "حافظ"، "عابد" کے الفاظ سے کی گئی ہے۔ ائمہ صحاح کے اہل روات سے ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہؒ کی نسبت مناقب امام کردری جلد ۱ صفحہ ۳ میں اس طرح پر مروی ہے: عن علی بن حکیم سمعت وکیعاً یقول یا قوم تطلبون الحدیث ولا تطلبون تاویلہ ومعناہ وفی ذلک یضیع عمرکم ودینکم وددت ان مجتمع لی عشر فقہ ابی حنیفۃ۔ یعنی "علی بن حکیم سے روایت ہے کہ حضرت وکیع کہتے تھے اے قوم تم حدیث کی تو تلاش کرتے ہو لیکن اس کے معنی کی تلاش نہیں کرتے اور اسی میں اپنی عمر اور دین ضائع کر دیتے ہو۔ میں چاہتا ہوں کہ امام ابوحنیفہؒ کی فقہ کا زیادہ نہیں تو دسواں حصہ ہی میرے پاس جمع ہو جائے"۔ عن محمد بن طریف قال کنا عند وکیع فقال یا ایہا الناس لا ینفعکم سماع الحدیث بلا فقہ ولا تفقہون حتی تجالسوا اصحاب ابی حنیفۃ فیفسروا لکم اقاویلہ۔ یعنی "محمد بن طریف جو امام مسلم وغیرہ کے اہل روات سے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہم وکیع کے پاس بیٹھے تھے اور آپ حدیث پڑھ رہے تھے۔ پس یکایک فرمانے لگے کہ اے لوگو تمہیں صرف حدیث کا سن لینا بغیر فقہ کے کچھ مفید نہ ہوگا اور تمہیں فقاہت نہیں حاصل ہوگی جب تک کہ تم امام ابوحنیفہؒ کے اصحاب کی مجلس میں نہ جاؤ اور وہ تمہیں ان امام کے اقوال کی تفسیر نہ بتائیں۔" حضرت وکیع کے ان اقوال پر غور فرما کر ناظرین انصاف سے دیکھیں کہ جو لوگ امام ابوحنیفہؒ [illegible] ان کی فقہ پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔

اور سکتے ہیں کہ حدیث کے جتنے امر کو فتویٰ دینے کے لیے امام ابوحنیفہؒ کے قول اور فقہ کی کیا حاجت ہے۔ وہ کہاں تک راستی کا ملکروں کو لاوں کرتے ہیں حضرت وکیع نے کس صراحت سے فیصلہ فرمادیا ہے کہ صحابہ حدیث بدوں فقہ کچھ مفید نہیں اور صرف حدیث کی تلاش میں نکلنا تضیع اوقات ہے اور یہ کہ حدیث کے معنی سمجھنے کے لیے امر فقہ کی سخت ضرورت ہے اور وہ صرف امام ابوحنیفہؒ اور ان کے شاگردوں کے وسیلے سے ہی حاصل ہوسکتی ہے۔ اور خیرات الحسان کے صفحہ ۳۱ میں لکھا ہے: وقال رجل عند وکیع اخطأ ابو حنیفة فقال وکیع
وقال من یقول هذا اخطأ ذا ... اضل ... یخطئ
وعنده ائمة الفقه کابی یوسف ومحمد وائمة الحدیث
وعنده ائمة اللغة والعربیة وعنده ائمة الزهد
والورع کالفضیل وداود الطائی ومن کان هؤلاء جلساؤه لم
یکن لیخطئ لانه ان اخطأ ردوه الی الحق۔ یعنی ایک شخص نے وکیع بن الجراح کے سامنے کہا کہ امام ابوحنیفہؒ نے خطا کی ہے اس پر آپ نے اس کو سخت زجر کی اور کہا کہ جو لیاقت ہے وہ ... ان سے بھی ... کس طرح خطا کر سکتے ہیں جس کے پاس ائمہ فقہ مثل امام ابویوسف و امام محمد اور ائمہ حدیث ... کی تعداد بیان کی، ائمہ لغت و ادب ... کی تعداد بتائی اور ائمہ زہد و ورع مثل فضیل اور داؤد طائی موجود ہیں ایسے جس شخص کے اصحاب ایسے اشخاص ہوں وہ کبھی خطا نہیں کر سکتا کیونکہ یہ لوگ اگر کوئی خطا دیکھتے تو فوراً ان کو حق بات کی طرف متوجہ کر دیتے۔

دیکھو اس روایت سے صاف ثابت ہے کہ جو حضرت امام ابوحنیفہؒ کی شان والا میں کوئی گستاخی کرے وہ سخت قابل ملامت اور مجلس سے نکالنے



کے لائق ہے۔ ادھر لوگ امام صاحب کی شان کی نسبت بدگوئی کریں کہ ضعف نے حال ہے وہ لوگ ... امام صاحب ... سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔ کیا غیر مقلدین اس قدر ... ائمہ محدثین وکیع ... کی ان روایت شہادت سے بھی عبرت نہیں حاصل کریں گے؟

۲۲۔ ابن ابی لیلیٰ یعنی محمد بن عبد الرحمن متوفی ۱۴۸ھ جن کو تذکرۃ الحفاظ میں ... بتایا گیا ہے اور حسن ارتجہ کے ... باوجودیکہ امام ابوحنیفہؒ سے ... ہم عصری کے ... کے علمی مناقشے ہوا کرتے تھے۔ تاہم انصاف نے امام صاحب کی فضیلت و منقبت پر جو شہادت دی ہے وہ امام موفق کی کتاب جلد ۲ کے صفحہ ... میں اس طرح پر مروی ہے ... سمعت ابا یوسف
یقول کنا نختلف ... الی ابن ابی لیلی ...
لاختلاف الیه وجعلت الاختلاف الی ابی حنیفة ...
... فقال یا یعقوب کیف صاحبک فقلت ما لم ...
... ولا مثله فی فقهاً و علماً۔ یعنی علی بن جعد کہتے ہیں کہ میں نے ابا یوسف کو سنا ہے وہ کہتے تھے کہ ہم پہلے ابن ابی لیلیٰ کے پاس حدیث سننے کو جایا کرتے تھے مگر جب ہم نے ان سے کچھ سختی معلوم کی تو ان کے پاس جانا چھوڑ کر امام ابوحنیفہؒ کے پاس جانا اختیار کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد ابن ابی لیلیٰ سے میری ملاقات ہوئی تو مجھ سے انھوں نے پوچھا کہ اے یعقوب تیرا صاحب کیسا ہے۔ میں نے ... ہے تو ابن ابی لیلیٰ نے کہا کہ ... میں ... علم و فقہ میں کسی کو نہ دیکھے گا۔

۲۳۔ عبد الرحمن بن مہدی متوفی ۱۹۸ھ جن کو تقریب میں ثقہ ثبت، حافظ، عارف بالرجال والحدیث کہا گیا ہے اور تذہیب میں ہے

کہ ابن مہدی کہتے ہیں کہ یہ اعلم الناس بالحدیث تھے۔ ابن قواریری کہتے ہیں کہ ہم کو انھوں نے اپنے حافظے سے بیس ہزار احادیث لکھی ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کی نسبت ان کی شہادت کتاب امام موفق جلد ۲ صفحہ ۳۷ میں اس طرح پر مروی ہے: عن عبد قال سمعت عبد الرحمن بن مهدي يقول كنت ناقد الحديث فرأيت سفيان الثوري امير المؤمنين في العلم وسفيان بن عيينة امير العلماء وشعبة عيار الحديث وعبد الله بن المبارك صيرف الحديث ويحيى بن سعيد قاضي العلماء وابا حنيفة قاضي قضاة العلماء یعنی "ابن قواریری کہتے ہیں کہ میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے سنا ہے، وہ فرماتے تھے کہ میں تو صرف حدیث کا نقاد ہوں۔ میں نے سفیان ثوری کو دیکھا ہے کہ وہ علماء میں امیر المؤمنین ہیں، سفیان بن عیینہ امیر العلماء، شعبہ عیار الحدیث اور عبداللہ بن مبارک صراف حدیث اور یحییٰ بن سعید قاضی العلماء اور ابوحنیفہؒ قضاۃ العلماء کے بھی قاضی ہیں۔"

دیکھو اس شہادت سے امام ابوحنیفہؒ کی کس قدر فضیلت ثابت ہوتی ہے کہ ان حضرات کی ابن مہدی نے اعلیٰ درجہ کی تعریف کرکے ان پر امام اعظمؒ کو فوقیت دی ہے اور ان حضرات میں سے دو سفیان و شعبہ و ابن مبارک اور یحییٰ قطان بجائے خود امام ہمام کی افضلیت کی شہادت دے چکے ہیں۔ دیکھو شہادت نمبر ۴، ۱۳، ۱۰، ۱۲ و ۱۵ رسالہ ہذا۔

۲۴۔ **عفان بن سیار القاضی** متوفی ۱۸۹ھ جو کہ ثقہ محدثین اور امام نسائی کے اعلیٰ رواۃ سے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کی نسبت ان کی شہادت موفق جلد ۲ صفحہ ۳۵ میں اس طرح پر مروی ہے: عن محمد بن ابراهيم قال سمعت عفان بن سيار يقول ما رأيت مثل ابي حنيفة مثل الطبيب الحاذق يعرف



الداء ويعطي الدواء. یعنی محمد بن ابراہیم کہتے ہیں کہ میں نے عفان بن سیار کو یہ فرماتے سنا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کی مثال ایک طبیب حاذق کی ہے جو ہر ایک درد کی دوا جانتا ہے۔

۲۵۔ **فضل بن موسیٰ السینانی** متوفی ۱۹۲ھ جو ثقہ، ثبت اور اسحٰق بن راہویہ کے اساتذہ اور نیز صحاح ستہ کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کی نسبت اس طرح پر شہادت دیتے ہیں۔ موفق جلد ۲ صفحہ ۳۵: عن احمد بن يحيى انه قال سمعت الفضل بن موسى السيناني يقول جالست الى المشائخ بالحجاز والعراق فما رأيت مجلسا اعظم بركة ولا اكثر نفعا من مجلس ابي حنيفة یعنی "احمد بن یحییٰ سے روایت ہے کہ میں نے فضل بن موسیٰ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ ہم حجاز و عراق میں مختلف مشائخ کی مجلسوں میں حاضر ہوئے ہیں، لیکن کوئی مجلس بہت بابرکت اور بہت مفید امام ابوحنیفہؒ کی مجلس سے بالا نہیں تھی۔"

۲۶۔ **زہیر بن معاویہ الکوفی** متوفی ۱۷۳ھ جو ثقہ، ثبت اور صحاح کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں اور بقول شعیب بن حرب مندرجہ تہذیب میں بڑے بڑے علماء محدثین سے احفظ ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہؒ کی نسبت موفق جلد ۲ صفحہ ۳۵ میں اس طرح پر مروی ہے: عن خلاد الكوفي قال جئت يوما الى زهير بن معاوية فقال لي من اين جئت فقلت من عند ابي حنيفة فقال والله لمجالستك اياه يوما انفع لك من مجالستي شهرا. یعنی "خلاد کوفی جو ترمذی کے رواۃ سے ہیں کہتے ہیں کہ میں ایک دن زہیر بن معاویہ کی خدمت میں حاضر ہوا، انھوں نے مجھے فرمایا کہاں سے آیا ہے؟ میں نے کہا کہ ابوحنیفہ کے پاس سے آیا ہوں۔ اس پر آپ نے

فرمایا خدا کی قسم تیرے بیٹے ابوحنیفہؒ کی ایک دن کی مجلس میری ایک مہینہ کی مجلس سے بہت فائدہ مند ہے۔

۲۷۔ ابن السماکؒ یعنی محمد بن صبیح الکوفی متوفی ۱۸۳ھ جو کوفہ کے بڑے محدثین اور ہشام بن عروہ کے شاگردوں میں سے ایسے واعظ تھے کہ بقول امام ذہبی مندرجہ میزان ایک دفعہ انہوں نے جو خلیفہ ہارون رشید کی مجلس میں وعظ کیا تو اس پر غشی کی حالت طاری ہو گئی۔ ان کی شہادت اپنے ہمعصر امام ابوحنیفہؒ کی نسبت کتاب امام موفق جلد ۲ ص ۴۹ میں اس طرح پر مروی ہے۔ عن یحیی بن ایوب العابد سمعت ابن السماکؒ یقول وتاد لکوفہ ... سفیان الثوری ومالک بن مغول وداود الطائی صاحب ابی حنیفۃ وابوبکر النہشلی وحکیم جالس ابا حنیفۃ وحدث عنہ۔ یعنی یحیی بن ایوب عابد جو امام مسلم و ابوداؤد کے اہل روات سے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے ابن سماک کو فرماتے سنا ہے کہ کوفہ کے چار علماء یعنی سفیان ثوری، مالک بن مغول، داؤد طائی اور ابوبکر نہشلی امام ابوحنیفہؒ کی مجلس میں بیٹھے اور ان سے حدیث کو سنا۔

۲۸، ۳۲۔ **مجموعی شہادت:** مندرجہ ذیل پانچ بڑے محدثین کی جو ائمہ صحاح ستہ کے اہل روات سے ہیں، امام ابوحنیفہؒ کی فضیلت پر شہادت کتاب امام کردری جلد ۲ صفحہ ۱۰۱ میں اس طرح پر منقول ہے: ذکر السمعانی عن اسد بن حکیم عن ... کثیر من المحدثین مثل زکریا بن ابی زائدۃ وعبد الملک بن سلیمان واللیث بن ابی سلیم ومعروف بن خربوذ وحفص بن عبد الرحمن وغیرھم یختلفون الیہ ویأتونہ ویسألونہ عما اشتبہ علیھم من الحدیث۔ یعنی حافظ



عبدالکریم سمعانی متوفی ۵۶۲ھ جو بڑے محدث و مورخ ہیں کہتے ہیں کہ اسد بن حکیم سے روایت ہے کہ بہت سے محدثین مثلاً زکریا بن ابی زائدہ (متوفی ۱۴۹ھ) عبدالملک بن سلیمان (متوفی ۱۴۵ھ) لیث بن ابی سلیم (متوفی ۱۴۸ھ) معروف بن خربوذ (متوفی ...) حفص بن عبدالرحمن (متوفی ۱۹۹ھ) وغیرہم مختلف اوقات میں امام ابوحنیفہؒ کے پاس جاتے اور ان سے وہ مسائل پوچھتے جو ان کو پیش آتے اور ان شبہات کا حل کرتے جو حدیث کے متعلق ان کو معلوم ہوتے تھے۔

۳۳۔ **اباسفیان** سعید بن یحیی الحمیری متوفی ۲۰۲ھ جو اسحٰق بن راہویہ کے استاد اور امام بخاری و ترمذی کے اہل روات سے ہیں۔ ان کی شہادت کتاب امام کردری جلد ۱ ص ۱۰۰ میں اس طرح مروی ہے۔ عن ابی سعید سمعت اباسفیان بن یحیی الحمیری الواسطی یقول ... لقد بین الله ما لم یتهیأ لاحد من کشف المسائل الفقهیة وتفسیر الاحادیث المبهمة۔ یعنی اباسفیان فرماتے تھے کہ ابوحنیفہ اس قدر بڑے عالم تھے کہ مسائل فقہ کے حل کرنے اور احادیث مبہمہ کی تفسیر کرنے میں ان کو وہ کمال ہوا ہے جو کسی کو حاصل نہیں ہوا۔

۳۴۔ **نضر بن شمیل** المروزی متوفی ۲۰۳ھ جو ثقہ، ثبت اور ائمہ صحاح ستہ کے اہل شیوخ سے ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہؒ کی نسبت امام سیوطی کے تبییض الصحیفہ کے ص ۳۲ میں اس طرح پر مرقوم ہے: روی ... عن الحسن بن الحارث قال سمعت النضر بن شمیل یقول کان الناس نیاما عن الفقه حتی ایقظهم ابوحنیفة بما فتقه وبینه ولخصه۔ یعنی حسن بن حارث کہتے ہیں کہ میں نے نضر بن شمیل سے سنا ہے فرماتے تھے کہ لوگ فقہ کے بارہ میں سوئے ہوئے تھے یہاں تک

کہ ان کو امام ابوحنیفہؒ نے بیدار کر دیا اور تمام امور کو واضح طور بیان اور ظاہر کر دیا ہے۔

۲۵۔ یحییٰ بن آدم متوفی ۲۰۳ھ جن کی تقریب میں ثقہ حافظ فاضلؒ کے الفاظ سے تعریف کی گئی ہے اور ائمہ صحاح کے رُوات سے ہیں، امام اعظم کی نسبت اس طرح پر شہادت دیتے ہیں۔ کردری جلد ۱ صفحہ ۸۹؛ عن محمد بن المهاجر سمعت يحيى بن آدم يقول اجتهد في الفقه اجتهادًا لم يسبق اليه احد فهدى الله سبيله وطريقه واتسع الخاص والعام بعلمه۔ یعنی "محمد بن مہاجر کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ بن آدم کو یہ کہتے سنا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے فقہ کے بارہ میں ایسا اجتہاد کیا کہ ان سے پہلے کسی سے نہیں ہو سکا اور خدا نے ان کو اجتہاد کا راستہ بتا دیا اور خاص و عام ان کے علم سے مستفید ہوئے۔" پھر اسی کے جلد ۲ صفحہ ۱۰۳ میں ہے: عن يحيى بن ادم قال كان جرير بن معاوية من اكابر الكوفة في الحديث والفقه اذ ذكره عظمه ومدحه فقلت له مالك اذا ذكرت غيره لم تمدحه مثل هذا قال لان منزلته ليست كمنزلته هو فيما انتفع به الناس فاحمده عند ذكره ليرغب الناس في الدعاء له۔ یعنی "یحییٰ بن آدم کہتے ہیں کہ جریر بن معاویہ جو اکابر محدثین و فقہاء کوفہ سے تھے۔ جب امام ابوحنیفہؒ کا ذکر کرتے تو ان کی عظمت ظاہر کرتے اور تعریف بھی فرماتے۔ میں نے کہا کیا باعث ہے کہ جب کسی اور شخص کا ذکر آتا ہے تو آپ اس کی ایسی تعریف نہیں کرتے۔ فرمایا یہ اس لیے ہے کہ ان کا رتبہ اوروں کی طرح نہیں ہے کیونکہ ان کی کتابوں سے خلق خدا کو نفع عظیم پہنچا ہے، اس وجہ سے میں ان کے ذکر کے وقت بالخصوصیت مدح کرتا ہوں۔ تاکہ لوگوں کو ان کے لیے دُعا کرنے کی رغبت ہو۔"



کتاب موفق جلد ۲ صفحہ ۳۲ میں مروی ہے: عن اسحاق بن ابی اسرائیل سمعت يحيى بن ادم قال اتفق اهل الفقه والبصر به لم يكن احد افقه من ابي حنيفة۔ یعنی "اسحٰق بن اسرائیل کہتے ہیں کہ میں نے یحییٰ کو کہتے سنا ہے کہ اہل فقہ و اہل بصیرت نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ سے بڑھ کر اور کوئی فقیہ نہیں ہوا۔"

عن يحيى بن اكثم سمعت يحيى بن ادم يقول كان كلام ابي حنيفة في الفقه لله ولو كان يشوبه شيء من امر الدنيا لم ينفذ كلامه في الآفاق كل هذا النفوذ مع كثرة حسده ومستنقصيه۔ یعنی "یحییٰ بن اکثم سے جو ترمذی کے رُوات سے ہیں۔ روایت ہے کہ میں نے یحییٰ بن آدم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ فقہ میں امام ابوحنیفہؒ کی کلام محض خدا کے لیے تھی۔ اگر اس میں ذرہ بھی شائبہ کسی دُنیاوی امر کا ہوتا تو ان کی کلام باوجود ان کے بہت سے حاسدوں اور نقص بیان کرنے والوں کے اطراف و اکناف عالم میں اس طرح ہرگز جاری نہ ہوتی جیسی کہ اب پھیلی ہے۔"

۲۶۔ یزید بن ہارون متوفی ۲۰۶ھ جن کی نسبت تقریب میں ثقہ متقن عابد کے الفاظ لکھے گئے ہیں اور تذہیب میں احد الاعلام الحفاظ المشاہیر لکھا ہے اور ائمہ صحاح کے اعلیٰ رُوات سے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کی نسبت ان کی شہادت مناقب موفق جلد ۲ صفحہ ۱۹۱ میں اس طرح پر مروی ہے: عن احمد بن سميل البغدادي سمعت يزيد بن هارون سئل متى يحل للرجل ان يفتي فقال اذا كان مثل ابي حنيفة قال فقيل له يا ابا خالد تقول مثل هذا فقال نعم واكثر من ... احد افقه ولا اورع منه۔ یعنی "احمد بغدادی کہتے ہیں کہ یزید بن ہارون سے

پوچھا گیا کہ فتویٰ دینے کا کون شخص مجاز ہو سکتا ہے۔ فرمایا جو کہ امام ابو حنیفہؒ جیسا ہو۔ کسی نے کہا کہ اے ابا خالد آپ ایسا کہتے ہیں۔ انھوں نے کہا ہاں بلکہ اس سے بڑھ کر میں نے کوئی شخص امام ابو حنیفہؒ سے افقہ اور اورع نہیں دیکھا:

اور کردری جلد ۲ صفحہ ۱ میں اس طرح مروی ہے۔ عن عبد اللہ بن ابی لبید قال کنا عند یزید بن ہارون فقال المغیرۃ عن ابراہیم فقال رجل حدثنا عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یزید یا احمق عند تفسیر قولہ علیہ السلام وما تصنع بالحدیث اذا لم تفہم معناہ وحق ہمتکم للسماع ولو صرفت ہمتکم للعلم لنظرتم فی کتب ابی حنیفۃ واقوالہ فزجر الرجل واخرجہ عن مجلسہ۔ یعنی

"ابن ابی لبید کہتے ہیں کہ ہم یزید بن ہارون کے پاس بیٹھے تھے کہ مغیرہ نے کوئی قول ابراہیم نخعی سے روایت کیا اس پر ایک شخص بول اٹھا کہ ہم کو تو رسول علیہ السلام کی حدیث چاہیے۔ اس پر یزید نے فرمایا کہ اے احمق یہی تو قول رسول مقبولؐ کی تفسیر ہے اور تو حدیث کو کیا کرے گا جب اس کے معنے کو سمجھ نہیں سکتا۔ لیکن تمہاری ہمت تو صرف روایات کے سننے کی طرف متوجہ ہے۔ اگر تمہاری ہمت علم کی طرف متوجہ ہو تو تم امام ابو حنیفہؒ کی کتابوں اور ان کے اقوال کو دیکھو۔ پھر اس شخص کو جھڑک کر بھی اپنی مجلس سے نکال دیا۔"

دیکھو اس پیشوائے محدثین کی پہلی روایت سے تو یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ فتوے دینا امام ابو حنیفہؒ یا آپ جیسے کا فقیہ ہی کا کام ہے اور کسی کو فتویٰ دینا جائز نہیں ہے اور دوسری روایت سے ثابت ہے کہ صرف حدیث والی بغیر فقاہت کے کوئی مثال نہیں اور کہ اقوال مجتہدین میں تفسیر حدیث ہیں اور کہ جو شخص صرف سماع حدیث کی طرف متوجہ ہوں وہ فقہاء کے پایہ کو ہرگز نہیں پہنچ سکتے اور علم فقہ



امام ابو حنیفہؒ کی کتابوں اور ان کے اقوال کے دیکھنے ہی سے حاصل ہو سکتا ہے اور کتب فقہ حنفیہ کو حقارت سے دیکھنے والا قابل زجر و توبیخ ہے۔

۳۷۔ یحییٰ بن معین متوفی ۲۱۰ھ جو ائمہ محدثین کے اعلیٰ پیشوا ہیں اور جن کی نسبت تقریب میں ثقہ، حافظ، مشہور، امام الجرح والتعدیل لکھا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کی فقہ کی تعریف میں ان کی شہادت خیرات حسان کے صفحہ ۳۲ میں اس طرح پر لکھی ہے۔ قال الامام محمد بن ابی الفضل قد یحیی بن معین الفقہاء اربعۃ ابو حنیفۃ وسفیان الثوری ومالک والاوزاعی وعندی القراءۃ قراءۃ حمزۃ والفقہ فقہ ابی حنیفۃ علی ہذا ادرکت الناس

یعنی "امام محمد بن یحییٰ بن معین فرماتے ہیں کہ فقہا چار ہیں۔ ابو حنیفہؒ، سفیانؒ، مالکؒ اور اوزاعیؒ۔ اور کہا قراءۃ میرے نزدیک قراءۃ حمزہ کی ہے۔ اور فقہ فقہ ابو حنیفہؒ کی۔ میں نے اس پر تمام لوگوں کو پایا ہے:"

دیکھو امام یحییٰ نے تمام فقہا و محدثین پر امام صاحب کی کس طرح ترجیح دی ہے اور امام شافعی متوفی ۲۰۴ھ کو تو ان کے زمانے میں فقہا میں شمار ہی نہیں کیا۔

۳۸۔ علی بن عاصم متوفی ۲۱۱ھ جو احمد و ابن مدینی کے استاد اور ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ کے علی الذات شیخ ہیں اور بقول تہذیب تیس ہزار سے زیادہ آدمی ان کی مجلس میں حاضر ہوتے تھے۔ امام ابو حنیفہؒ کے حق میں ان کی شہادت مناقب امام موفق جلد ۲ صفحہ ۳۷ میں اس طرح پر مروی ہے: عن ابی الفضل سمعت علی بن عاصم یقول لو وزن علم ابی حنیفۃ بعلم اہل زمانہ لرجح علیہ ابی حنیفۃ۔ یعنی "علی بن عاصم فرمایا کرتے تھے کہ اگر امام ابو حنیفہؒ کے علم کے ساتھ وزن کیا جائے تو تمام زمانہ کا علم ان کے علم پر غالب آ جائے۔"

عن محمد بن احمد بن الفضل سمعت علی بن عاصم یقول لو

اقاویل ابی حنیفة فمن لم یعرف اقاویله احل بجهله المحرم وحرم الحلال وضل عن الطریق۔ یعنی "محمد بن جابر سے روایت ہے کہ میں نے علی بن عاصم سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ امام ابوحنیفہؒ کے اقوال علم کی تفسیر ہیں۔ پس جو شخص ان کے اقوال میں مسئلہ نہ دیکھے وہ اپنی جہالت کی وجہ سے حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر کے اسلام کے رستہ کو گم کر دیتا ہے۔"

دیکھو اس چیتو سے محدثین نے کیسا صریح فیصلہ کر دیا ہے کہ جو غیر اہل حدیث امرتسر میں جو ایک صفحہ صرف فتاوی کے لیے مخصوص رکھا ہوا ہے۔ اور اس میں مختلف مسائل کے جواب بلا لحاظ اقوال امام ابوحنیفہؒ کے خود بخود اپنے اجتہاد سے لکھے جاتے ہیں وہ بالکل ناجائز کارروائی ہے کیونکہ بسا اوقات عدم فقاہت کی وجہ سے حرام کو حلت اور حرم کو حرمت کا فتوی دے کر مجیب کو ضلوا واضلوا کا مصداق بنا پڑتا ہے۔

٣٩۔ ابوعاصم النبیل متوفی ٢١٢ھ جن کی توثیق میں صاحب تقریب نے ثقہ، ثبت کے الفاظ لکھے ہیں اور ترجمہ کے ذات سے ہیں امام ابوحنیفہ کے فقیہ ہونے کی شہادت اس طرح پر دیتے ہیں۔ کتاب کردری جلد ا ص ١١٦

عن بشر بن یحیی قیل لابی عاصم النبیل ابوحنیفة افقه ام سفیان قال هو والله افقه من ابن جریج ما رأت عینی رجلا مثله اشد اقتدارا علی الفقه۔ یعنی "بشر بن یحیی سے روایت ہے کہ ابوعاصم نبیل سے پوچھا گیا کہ فقاہت میں ابوحنیفہؒ بڑھ کر ہیں یا سفیان ثوری؟ آپ نے کہا بخدا ابوحنیفہؒ تو ابن جریج سے بھی فقیہ ہیں جو مکہ میں مجتہد تھے، میں نے اپنی آنکھ سے آپ جیسا کوئی شخص نہیں دیکھا جو فقہ پر ایسی زبردست قدرت رکھتا ہو۔"

٤٠۔ عبدالعزیز بن ابی رواد متوفی ١٥٩ھ جو امام بخاری کے اور محدثین



اربعہ کے اعلیٰ شیوخ سے ہیں۔ اور تقریب میں ان کو صدوق عابد لکھا گیا ہے۔ ان کا قول امام اعظم کی نسبت خیرات حسان کے ص ٢٥ میں اس طرح پر لکھا ہے: وقال الحافظ عبدالعزیز بن ابی رواد من احب ابا حنیفة فهو سنی ومن ابغضه فهو مبتدع وفی روایة بیننا وبین الناس ابوحنیفة فمن احبه وتولاه علمنا انه من اهل السنة ومن ابغضه علمنا انه من اهل البدعة۔ یعنی "عبدالعزیز ابن رواد فرماتے ہیں کہ جو شخص امام ابوحنیفہؒ سے محبت رکھتا ہو وہ تو سنی ہے اور جو ان سے بغض رکھتا ہے وہ بدعتی ہے۔ ایک روایت میں یہ ہے کہ ہم میں اور لوگوں میں امام ابوحنیفہؒ کا سوال ہے جو ان سے محبت اور دوستی رکھتا ہو ہم اس کو اہل السنۃ سمجھتے ہیں اور جو ان سے بغض رکھتا ہو ہم اس کو اہل بدعت قرار دیں گے۔"

وقال ابراهیم بن معاویة الضریر من تمام السنة حب ابی حنیفة وقال کان یصف العدل ویقول به وبین للناس سبیل العلم ووضح لهم مشکلاته یعنی "ابراہیم بن معاویہ کا قول ہے کہ سنت وجماعت کا کمال امام ابوحنیفہؒ کی محبت سے ہوتا ہے آپ نے طریق عدل بیان کر دیا۔ اور اس پر فتوی دیا اور لوگوں کے لیے علم کا رستہ بنا دیا اور ان کی تمام مشکلات کو آسان کر دیا۔"

دیکھو ان بزرگ محدثین نے تو اس بات کا فیصلہ ہی کر دیا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ سے بغض رکھنے والا شخص ہرگز اہل سنت سے نہیں بلکہ وہ بدعتی فرقہ سے ہے۔

٤١۔ عبداللہ بن داؤد الخریبی متوفی ٢١٣ھ ثقہ، عابد اور امام بخاری اور سنن اربعہ کے رواۃ سے ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہؒ کی نسبت تبییض الصحیفہ کے ص ٣٣ میں اس طرح پر مروی ہے: روی الخطیب

عن محمد بن سعد الكاتب قال سمعت عبد الله بن داود الخريبي يقول يجب على أهل الإسلام أن يدعوا الله لأبي حنيفة في صلاتهم قال وذكر حفظه عليهم السنن والفقه یعنی محمد بن سعد کاتب کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن داود خریبی کو یہ کہتے سنا ہے کہ تمام اہل اسلام پر فرض ہے کہ اپنی نمازوں میں امام ابوحنیفہ کے لیے دعا کیا کریں، پھر اس بات کا ذکر کیا کہ امام موصوف نے اہل اسلام کے لیے حدیث و فقہ کو اچھی طرح محفوظ کر دیا ہے۔

خیرات الحسان صفحہ ۳۲ میں ہے وقيل لبعض الأئمة لم تمدح أبا حنيفة عند ذكره تمدح دون غيره قال لأن منزلته ليست كمنزلة غيره فيما نفع الناس بعلمه فخصصته عند ذكره ليرغب الناس بالدعاء له۔ یعنی بعض اماموں کو جو امام ابوحنیفہ کی تعریف کرتے تھے کہا گیا کہ آپ ان کی اس قدر تعریف کیوں کرتے ہیں اور دوسرے اماموں کی نہیں کرتے، فرمایا اس لیے کہ ان کا رتبہ اوروں کی طرح نہیں ہے کیونکہ ان کے علم سے لوگوں کو بڑا فائدہ پہنچا ہے۔ میں اس لیے ان کے ذکر کے وقت خصوصیت سے ان کی تعریف کرتا ہوں تاکہ لوگوں کو ان کے لیے دعا کرنے کی رغبت پیدا ہو۔

۳۲۔ **مکی بن ابراہیم** متوفی ۲۱۵ھ جو ثقہ ثبت اور صحیح ستہ کے رجال ثقات سے ہیں۔ ان کی شہادت امام ابوحنیفہ کی نسبت تبییض الصحیفہ کے صفحہ ۱۶ میں اس طرح پر مروی ہے۔ روی الخطيب عن اسمعيل بن محمد الفارسي قال سمعت مكي بن ابراهيم ذكر ابا حنيفة فقال كان اعلم اهل زمانه۔ یعنی اسمعیل فارسی کہتے ہیں کہ میں نے مکی بن ابراہیم کو امام ابوحنیفہ کے ذکر میں یہ کہتے سنا کہ آپ اپنے تمام اہل زمانہ سے زیادہ عالم



تھے۔ تہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۲۹۳ میں لکھا ہے: هو مكي بن ابراهيم البلخي دخل الكوفة سنة ۱۴۴ھ ولزم ابا حنيفة وسمع منه الحديث والفقه واكثر عنه الرواية وكان يحب ابا حنيفة حبا شديدا۔ یعنی مکی بن ابراہیم بلخی امام ثقہ ہیں جو کوفہ میں سنہ ۱۴۴ھ میں داخل ہوئے اور امام ابوحنیفہ کی صحبت اختیار کی اور ان سے حدیث و فقہ سنی اور اکثر ان سے روایت حدیث کی اور ان کو امام صاحب سے سخت محبت تھی۔

۳۳۔ **خلف بن ایوب** العامری متوفی ۲۱۵ھ جو فقیہ محدث امام ترمذی کے رواۃ سے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کی نسبت ان کی شہادت امام موفق کی کتاب جلد ۲ صفحہ ۷۳ میں اس طرح مروی ہے۔ عن وهب بن ابراهيم الحنفي قال خلف بن ايوب الكوفي كنت اختلف الى مجالس العلماء فربما سمعت شيئا لا اعرف معناه فيغمني ذلك فاذا انصرفت الى مجلس ابي حنيفة سألته عما كنت لا اعرفه فيفسر لي ذلك فتحصل في قلبي من بيانه وتفسيره نور۔ یعنی خلف بن ایوب کہتے ہیں کہ میں مختلف علماء کی مجالس میں حاضر ہوتا تھا اور بعض باتیں ایسی سنتا تھا جن کے معنی نہ پہچانتا تھا جس سے مجھ کو تشویش حاصل ہوتی تھی۔ پس جب میں امام ابوحنیفہ کی خدمت میں آتا اور ان سے اس کے معنی دریافت کرتا تو آپ کے بیان اور تفسیر سے میرے دل میں روشنی داخل ہو جاتی۔

۳۴۔ علی بن المدینی متوفی ۲۳۴ھ استاذ امام بخاری جن کی نسبت صاحب تقریب نے لکھا ہے۔ ثقة ثبت امام اعلم اهل عصره بالحديث وعلله حتى قال البخاري ما استصغرت نفسي الا عند علي بن المديني۔ یعنی امام علم حدیث میں اپنے زمانہ کے کل محدثین سے اعلم تھے حتی کہ بخاری نے کہا کہ

ہیں سے اپنے نفس کو ہیراں مدینی کے کسی پاس حقیر سمجھا، امام ابوحنیفہ کے حق
میں ان کی شہادت ثقات امان کے سلسلے میں کس طرح مرقوم ہے: قال الامام
علی بن المدینی ابو حنیفة روی عنه الثوری وابن المبارك وحماد
بن زید وهشام ووکیع وعباد بن العوام وجعفر بن عون وهو
ثقة لا باس به یعنی علی بن مدینی نے فرمایا ہے کہ ابوحنیفہ سے
سفیان ثوری و عبداللہ بن مبارک و حماد بن زید اور ہشام اور وکیع و عباد بن
العوام اور جعفر بن عون سے (جو سب کے سب بخاری کے شیوخ اور ثقہ مستند
کے ہیں) روایت حدیث کی۔ اور وہ ثقہ ہیں لا باس بہ ہیں۔

دیکھو اس شہادت اور امام بخاری کے جلیل استاد کی شہادت نے کیسے
صاف طور پر ثابت کر دیا کہ امام ابوحنیفہؒ کی ثقاہت میں کوئی بھی احتمال نہیں ہے
اور ان سے ستر اکابر محدثین نے روایت کی ہے۔

۲۵۔ امام اسحٰق بن راہویہ متوفی ۲۳۸ھ جن کو تقریب میں
ثقة حافظ مجتهد لکھا ہے اور تہذیب میں لکھا ہے کہ امام احمد نے فرمایا
امام اسحٰق کا مثل میں نہیں جانتا اور وہ ہمارے نزدیک ائمہ مسلمین سے ہیں اور اکثر
صحاح کے علی الخصوص راوی ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کی نسبت ان کی شہادت کتاب
جامع موفق جلد ۲ صفحہ ۴۲ میں اس طرح پر مروی ہے: عن علی بن اسحٰق بن
راهویه قال سمعت ابی یقول ما رأیت احدا اعلم بالاحکام و
القضایا من ابی حنیفة۔ یعنی علی کہتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ اسحٰق
بن ابراہیم بن راہویہ سے سنا ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ میں نے ابوحنیفہؒ سے احکام
وقضایا کا عالم کوئی نہیں دیکھا۔

۲۶۔ عبید ابن اسباط متوفی ۲۰۰ھ جو ترمذی والے، جو شیوخ



سے ہیں، امام ابوحنیفہؒ کا سید الفقہاء ہونا تسلیم کرتے ہیں چنانچہ کتاب موفق جلد ۲
صفحہ ۳۲ میں اس طرح پر مروی ہے: حدثنی حبیب بن اسباط قال کان
ابو حنیفة سید الفقهاء، ولم یعرض فی دینه احد الا حاسد او جاهل
یعنی عبید بن اسباط فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ سید الفقہاء تھے۔ اور امور
دین میں آپ کی نسبت جو نکتہ چینی کرے وہ حاسد یا شریر سمجھا جاتا تھا۔

الغرض ہم کہاں تک امام ابوحنیفہؒ کی نسبت محدثین کی شہادتیں پیش کریں
یہ تو ایک بحر ناپیدا کنار ہے۔

اب ناظرین خود ہی سمجھ سکتے ہیں کہ ان ۲۶ زبردست شہادتوں نے کس
صراحت سے امام الائمہ ابوحنیفہ کا سید الفقہاء، کامل الاجتہاد ہونا ثابت کر دیا
اور کہ فقہ و حدیث میں آپ سے بڑھ کر کوئی شخص نہیں۔ اور آپ وہ
امام الہدایت تھے کہ آپ سے عام و خاص خلق خدا نے فیض کثیر حاصل کیا اور تمام
اکابر محدثین آپ ہی سے مشکل مسائل میں مدد لیتے اور آپ کے ہی قول پر فتوے
دیتے تھے اور آپ اپنے ہی زمانہ میں علم و فقہ و تقویٰ و اصل میں اہل تسلیم
کیے جاتے تھے اور فقہاء و محدثین نے فیصلہ کر دیا تھا کہ علم و فقہ کا حاصل ہونا اسی شخص
کو میسر ہو سکتا ہے کہ جس کو آپ کی کتب اور فتاویٰ میں تعبیر ہو اور آپ کے شاگردوں
کی مجلس میں بیٹھنے کا اس کو فخر حاصل ہو اور محدثین نے یہ بھی مان لیا کہ کوئی دو
وش (محدث) ہے، کوئی طبیب (فقیہ)، لیکن امام صاحب میں وہ دونوں باتیں
ہیں۔ یعنی کہ یہ دونوں منصب حاصل ہیں اور کہ امام صاحب کا عمل ایسی احادیث
پر ہوتا تھا جو صحت کے میزان میں پوری اتری ہوں اور جن کے راوی سب کے سب
عادل و ثقہ ہوں اور جن پر آخری عمل رسول مقبول اور خلفاء راشدین کا ہو۔ اب
وہ شخص دشمن انصاف ہے جو باوجود ایسی زبردست شہادتوں کے دیکھنے کے بھی

امام کے حاصل اور فقہ و اجتہاد میں کلام کرے۔ ہم میاں محمد عظیم حیدرآبادی سے پوچھتے ہیں کہ ایمان سے بتاؤ تمہارا یہ کہنا کہ "اکثر محدثین در خود اثر تو ہیں کہ امام صاحب کے اجتہاد پر معترض ہیں" یہ ایک سفید جھوٹ ہے یا نہیں۔ کیا آپ جیسے یہ کہتے ہوئے شرم نہ آئے گی کہ "اجتہاد کی شرائط بھی امام ابوحنیفہ پورے نہیں پاتے اور فقہ میں بھی امام صاحب کی رائے کچھ ٹھیک نہیں"۔ صاحب کو اقوال ائمہ محدثین و فقہاء کی روشنی میں اس کے لیے کافی تعداد سے ہم اوپر نقل کر چکے ہیں۔ در شہادت کبار محدثین سے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ جو شخص امام صاحب کی نسبت ایسے خیالات رکھتا ہو، وہ کالانعام بل ہم اضل سبیلا کے گروہ میں شمار ہونے کے لائق ہے غالباً ہمارے دوست کی کیفیت ابو نسیم بھی کا رعاد کی طرف ہی رہبری کرتی ہے۔ انصاف ناظرین کی تسلی کے لیے امام صاحب کی فضیلت کے ثبوت میں ۴۹ جلیل القدر پیشوایان دین کی شہادتیں جو اوپر نقل ہو چکی ہیں کافی ہیں۔

اب ہم آپ کی توجہ ان روایات بالخصوص روایت نمبری ۴۰ کی طرف مبذول چاہتے ہیں جس سے ثابت ہے کہ اہل سنت و اہل بدعت کی شناخت کا معیار ہی امام ابوحنیفہ کی حب و بغض ہے جس کو آپ سے محبت ہوگی وہ اہل سنت ہے اور جو آپ سے بغض رکھتا ہو وہ کم بخت اہل بدعت میں داخل ہے۔ اب آپ ہی انصاف کریں کہ وہابی حضرات بقول مشہور "الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے" خود تو اہل سنت اور اہل حدیث بنتے ہیں۔ اور پیروان امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ اہل بدعت قرار دیتے ہیں لیکن محدثین کا فیصلہ اس کے برعکس ہے۔ عبدالعزیز بن ابی رواد جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے کہتے ہیں کہ من احب ابا حنیفۃ فہو سنی ومن ابغضہ فہو مبتدع۔ کوئی معمولی شخص نہیں ہیں بلکہ امام بخاری اور اصحاب سنن اربعہ کے شیوخ میں سے ہیں اور ان کا قول بقول یہ تحت قطعی ہے اور ایسا



ابراہیم بن معاویہ بھی بہت بڑے پایہ کے محدث ہیں۔ جن کا قول ہے: من السنۃ حب ابی حنیفۃ۔ ان سب اقوال سے اس بات کا قطعی فیصلہ ہو جاتا ہے کہ امام صاحب کے بدخواہ و آپ کے حق میں بدگوئی کرنے والے وہابی ہرگز اہل سنت و جماعت میں شمار نہیں ہو سکتے بلکہ یہ لوگ بقول محدثین مبتدع ہیں۔ پھر تعجب ہے کہ

برعکس نہند نام زنگی کافور

یہ اپنے آپ کو اہل السنۃ اہل الحدیث کہتے ہیں، اور پیروان امام اعظم کو بدعتی بتاتے ہیں۔

ہم الزام ان کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا

اخیر کی روایت نمبر ۴۹ ثابت کرتی ہے کہ امام ابوحنیفہ کی نسبت صرف دو قسم کے لوگوں ہی نے نکتہ چینی کی ہے یا تو وہ جو ان کے رتبہ سے جاہل ہیں یا وہ جو ان کے حاسد شریر ہیں۔

اور دوسری روایتوں ۳۵، ۴۱ سے ثابت ہوا کہ اہل اسلام کا فرض ہے کہ وہ اپنی نمازوں میں جناب امام کے حق میں دعاء خیر کیا کریں کیونکہ آپ سے جو فیض تمام اہل اسلام کو ہو رہا ہے اس کا مقتضا یہی ہے کہ ہم آپ کا احسان نہ بھولیں اور صمیم قلب سے نماز میں آپ کے لیے دعا کرتے رہیں۔ ھل جزاء الاحسان الا الاحسان۔ اس امر کا مزید ثبوت کہ جناب امام کے حق میں دعا کرنا اور آپ کی تعظیم و تکریم کرنا اہل اسلام کا فرض ہے۔ امام شافعی کے اس عمل سے ملتا ہے کہ آپ امام ممدوح کے مزار پرانوار پر دعا کے لیے جایا کرتے اور وہاں جب کبھی نماز پڑھنے کا اتفاق ہوتا تو ایسا کوئی عمل نہ کرتے تھے جو آپ کے مذہب کے خلاف ہو اس سے آپ کو امام صاحب کی تعظیم اور ادب

مروی تھا جیسا کہ خیرات الحسان کے ص۷۲ میں لکھا ہے۔ علم منه ثم لم يزل العلماء
وذوو الحاجات يزورون قبره ويتوسلون عنده في قضاء حوائجهم ويرون
نجح ذلك منهم الإمام الشافعي رحمه الله لما كان ببغداد فإنه
جاء عنه أنه قال إني لأتبرك بأبي حنيفة وأجيء إلى قبره
فإذا عرضت لي حاجة صليت ركعتين وجئت إلى قبره وسألت
الله عنده فتقضى سريعاً وذكر بعض المتكلمين على منهاج النووي
أن الشافعي رحمه الله صلى الصبح عند قبره فلم يقنت فقيل له
لم؟ فقال تأدباً مع صاحب هذا القبر وذكر ذلك غيره أيضاً وزاد أنه
لم يجهر بالبسملة۔ یعنی ہمیشہ علماء اور اہل حاجات، امام ابوحنیفہؒ کی قبر
کی زیارت کرتے رہے اور امام کو وسیلہ قضاء حاجت گردانتے تھے جن میں سے امام
شافعیؒ بھی تھے۔ جب کہ وہ بغداد میں تھے۔ ان کا قول ہے کہ میں امام ابوحنیفہؒ سے
برکت حاصل کرنے کے لیے ان کی قبر پر جایا کرتا ہوں۔ اور جب کوئی حاجت پیش
آجاتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھ کر آپ کی قبر پر جا کر خدا سے دعا کرتا ہوں اور حاجت
جلدی پوری ہو جاتی ہے بعض نے لکھا ہے کہ جب امام شافعیؒ نے صبح کی نماز آپ کی
قبر کے پاس پڑھی تو قنوت پڑھنا چھوڑ دیا۔ کسی نے پوچھا ایسا کیوں کیا؟ فرمایا صاحب
قبر کے ادب کے لحاظ سے۔ یہ بھی روایت ہے کہ بسم اللہ بھی آہستگی سے پڑھی۔
الغرض: امام شافعی ایک مجتہد مستقل مذہب حضرت امام ابوحنیفہؒ کی مانند

---

۱۔ ملا علی قاری نے بھی کتاب مذکور کے ص۱۹۹ میں بہ اتفاق کے ساتھ قول ابن حجر و امام نسائی وابن ماجہ
امام شافعی کا یہ قول ثابت کیا ہے۔ ۲۔ ترک قنوت کی روایت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ
نے بھی حجۃ اللہ البالغہ کے ص۱۴۹ میں لکھی ہے۔



تعظیم کرتے ہیں کہ ان کی قبر کے پاس جب نماز صبح پڑھتے تو اس میں قنوت پڑھنا
جو ان کے مذہب میں سنت تھا چھوڑ دیتے اور بسم اللہ بھی اونچی نہ پڑھتے کیونکہ یہ
امور امام ابوحنیفہؒ صاحب قبر کے مذہب کے خلاف تھے اور وہاں ان کے خلاف
کرنا سوء ادب تھا۔ پھر امام شافعیؒ صرف آپ کے ادب کے لحاظ پر ہی اکتفا
نہ کرتے تھے بلکہ آپ کی بزرگی کا ان کو یہاں تک اعتقاد تھا کہ اگر کوئی مشکل پیش
آجاتی تو آپ کی قبر پر جا کر دعا کرنے سے حل ہو جاتی ہے۔

لیکن اگر کوئی کور باطن شخص اپنی نافہمی سے اس روایت کی نسبت یہ اعتراض
کرنے لگے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک مجتہد امام کسی امام کے صرف ادب کے لحاظ
سے اپنے فعل کو جو اس کے نزدیک سنت ہو ترک کر دے اس کی کم بینی کی تردید
خود ہی صاحب خیرات الحسان نے بطور جواب ایک سوال مقدر کے روایت مذکورہ
کے بعد اس طرح پر کر دی ہے۔ ولا إشكال في ذلك خلافاً لمن طغى .. (إلى
حرج) وإن الحاسدين له خفي عليهم حسنة مبينا۔ جس تمام
عبارت کا ترجمہ یہ ہے کہ "یہاں کوئی اشکال (شبہ) نہیں حائل ہو سکتا۔ جیسا کہ
کسی نے گمان کیا ہے کیونکہ گاہ بگاہ سنت کے مقابلہ میں ایک ایسا امر بھی
پیش آجاتا ہے کہ وہاں سنت کا چھوڑ دینا بہتر ہوتا ہے کیونکہ وہ دوسرا امر زیادہ اہم
ہوتا ہے اور کچھ شک نہیں ہے کہ اظہار رفعت شان علماء ایک امر اہم مطلوب اور
عظیم مقصود ہے اور پھر جب کہ دشمنان امام ابوحنیفہؒ کی تذلیل اور بے خبر جاہلوں کی تفہیم
کے لیے اس کی سخت حاجت تھی تو ایسا کرنا قنوت پڑھنے اور بسم اللہ کے جہر سے
بہت بہتر تھا کیونکہ وہ مختلف فیہ امور ہیں۔ اور تعظیم علماء متفق علیہ ہے اور اس کا
نفع عام اور قنوت و جہر بسم اللہ کا نفع خاص ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ امام
ابوحنیفہؒ کے جیسے کہ ان کی زندگی میں بہت حاسد تھے۔ وفات کے بعد بھی بہت

تھے حتیٰ کہ آپ کو سخت ایذا دی گئی اور آپ کے قتل تک کی سخت کوشش کی گئی۔ اور کوئی دقیقہ آپ کی بے تعظیمی کا باقی نہ چھوڑا۔ پس آپ کی تعظیم قائم رکھنے کے لیے امام شافعیؒ جیسے پیشوائے دین کی طرف سے ایسے فعل کا ظہور بہت ضروری تھا۔ اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ کسی امر کا بیان فعل کے ساتھ قولی بیان سے زیادہ مؤثر ہوتا ہے کیونکہ دلالت فعل عقلی ہوتی ہے اور دلالت قول وضعی ہوتی ہے جس میں تخلف مدلول ہونا بھی متصور ہو سکتا ہے اور فعل میں ایسا ہونا ممکن نہیں۔ مثلاً زید کا اپنے کرم پر فعل کرکے دلیل لانا اس کے برابر نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے کرم پر صرف قول سے دلیل قائم کرنا چاہے کہ میں کریم ہوں جب یہ تمہید قائم ہو چکی تو یہ بات بالکل واضح ہو گئی کہ امام شافعیؒ کا یہ فعل قنوت اور جہر بسم اللہ کے ترک سے بہت بہتر تھا جس سے امام ابوحنیفہؒ کے مزید ادب کا اظہار مطلوب تھا اور اس سے آپ کے شرف و علو کا ثبوت دینا تھا، اور ظاہر کرنا تھا کہ آپ اعلیٰ ائمہ دین سے تھے جن کی قدر ہر اہل اسلام پر فرض ہے اور آپ کی تعظیم و توقیر سب پر واجب اور آپ اس درجہ کے امام تھے کہ بعد وفات بھی آپ کے مزار کے سامنے آپ کے ادب کے لحاظ سے ایسے فعل کے کرنے سے حیا کرنا چاہیئے جو آپ کے قول کے برخلاف ہو۔ چہ جائیکہ آپ کی زندگی میں آپ کے سامنے ایسا کیا جائے اور جان سے ثابت ہوا کہ آپ کے مخالف حاسد محض گروہ خسر الدنیا والآخرۃ کے مصداق ہیں۔"

چونکہ امام ابوحنیفہؒ کے اجتہاد و فقیہ النفس مسلم الثبوت ہونے کی بحث ہم مفصل بحث کر چکے ہیں اور مع مثلاً ۴۹ مسائل میں بڑے بڑے نامی گرامی کا ذکر کی درج کر چکے ہیں اس لیے اب ہمیں تھوڑی سی توجہ اپنے دوست میاں حیدرآبادی کے اس نرالے قول کی طرف بھی کرنا چاہیئے جو اس نے لکھا ہے کہ امام بخاری اور مسلم بھی مجتہد ہیں اور ان کا اجتہاد مسلم الثبوت ہے معلوم ہوتا ہے کہ



میاں حیدرآبادی کو مجتہد و محدث کی تعریف سے کچھ بھی آگاہی نہیں۔ ورنہ وہ اس مغالطہ میں پڑ کر مجتہد کو ایک بازیچہ اطفال نہ سمجھتے جیسا کہ مرزائیوں نے الف دو نوٹ کو ایک کھیل سمجھا ہوا ہے۔

## مجتہد کون ہو سکتا ہے؟

واضح رہے کہ کوئی عالم خواہ وہ کیسا ہی متبحر فی العلم کیوں نہ ہو مجتہد کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ تاوقتیکہ اس میں حسب ذیل شرطیں نہ پائی جائیں جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے بحوالہ امام بغوی ورافعی وغیرہ کے اپنی کتاب عقد الجید کے صفحہ میں کس طرح لکھا ہے۔ قال البغوی۔ والمجتهد من جمع خمسة انواع من العلم علم كتاب الله عز وجل وعلم سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم واقاويل علماء السلف من اجماعهم واختلافهم وعلم اللغة وعلم القياس وهو طريق استنباط الحكم من الكتاب والسنة اذا لم يجده صريحا في نص كتاب او سنة او اجماع فيجب ان يعلم من علم الكتاب الناسخ والمنسوخ والمجمل والمفسر والخاص والعام والمحكم والمتشابه والكراهة والتحريم والاباحة والندب والوجوب و يعرف من السنة هذه الاشياء ويعرف منها الصحيح والضعيف والمسند والمرسل ويعرف ترتيب السنة على الكتاب وترتيب الكتاب على السنة حتى لو وجد حديثا لا يوافق ظاهره الكتاب يهتدي الى وجه محمله فان السنة بيان للكتاب ولا تخالفه ثم يجب [illegible] ورود [illegible]

التفسير والاخبار والمواعظ وكذلك يجب أن يعرف من علم اللغة ما
أتى في كتاب وسنة في امور الاحكام دون الاحاطة بجميع لغات
العرب ويتمرن في التخرج فيها بحيث يقف على مرام كلام العرب فيما
يدل على المراد من اختلاف المحال والاحوال لأن الخطاب ورد بلسان
العرب فمن لم يعرفه لا يقف على مراد الشارع ويعرف اقاويل
الصحابة والتابعين في الاحكام ومعظم فتاوى فقهاء الامة
حتى لا يقع حكمه مخالفا لاقوالهم فيكون فيه خرق الاجماع واذا
عرف من كل من هذه الانواع معظمه فهو حينئذ مجتهد ولا
يشترط معرفة جميعها بحيث لا يشذ عنه شيء منها واذا لم
يعرف نوعا من هذه الانواع فسبيله التقليد وان كان متبحرا في
مذهب واحد من آحاد ائمة السلف فلا يجوز له تقلد القضاء
ولا الترصد للفتيا. یعنی "مجتہد وہ ہوتا ہے جو پانچ قسم کے علوم کا جامع ہو
اوّل علم قرآن کا۔ دوم علم سنت و حدیث کا۔ سوم اقوال علماء سلف کے اجماع و
اختلاف کا۔ چہارم علم لغت کا۔ پنجم علم قیاس کا۔ اور قیاس سے وہ طریق استنباط
حکم مراد ہے کہ جب کوئی حکم صریح طور پر کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا اجماع

---

۱ دیکھو میاں حیدر آبادی کی یہ تحریر مندرجہ اخبار اہل حدیث ۲۶ مارچ ۱۹۰۹ء صفحہ ۷ کالم ۲
تقلید کو آپ جیسے [illegible] اہل حدیث کی تحریر مندرجہ اخبار ۲ اپریل ۱۹۰۹ء صفحہ ۷ کالم ۲
[illegible] عام ہے کہ عام [illegible] علماء [illegible] سلف کے برخلاف ہے اور پھر
یہ دعویٰ [illegible] جو کچھ لکھتے ہیں اصول فقہ کے مطابق لکھتے ہیں عوام کو سراسر دھوکہ دینا نہیں
تو اور کیا ہے؟



میں نہ مل سکتا ہو تو اس کو بذریعہ قیاس کے قرآن و حدیث یا اجماع سے استنباط کیا جائے
پس مجتہد کے لیے ضروری ہے کہ وہ علم قرآن سے ناسخ و منسوخ، مجمل و مفسر، خاص و عام
محکم و متشابہ، کراہت و حرمت، اباحت و ندب اور وجوب کو جانتا ہو اور حدیث
سے بھی علاوہ علم مذکور بالا کے صحیح و ضعیف، مسند و مرسل اور رواۃ کی قوۃ و ضعف کا علم
رکھتا ہو اور نیز حدیث کو کتاب اور کتاب و حدیث پر ترتیب دینے کی بھی
اس کو لیاقت ہو حتیٰ کہ اگر کوئی ایسی حدیث مل جائے جو اپنے ظاہر معنی کے لحاظ
سے قرآن کے مطابق نہیں ہے تو اس کی وجہ تطبیق معلوم کر سکتا ہو کیونکہ حدیث قرآن
کی تفسیر کا بیان ہے نہ اس کے مخالف۔ اور مجتہد کو صرف ان احادیث کا جاننا
ضروری ہے جو احکام شرعیہ میں وارد ہوئی ہوں نہ وہ جو قصص اور اخبار اور مواعظ کے
بارہ میں وارد ہوں۔ ایسا ہی علم لغت سے ان لغات کا جاننا ضروری ہے جو قرآن و حدیث
کے اندر احکام کے بارے میں وارد ہوں۔ تمام لغات عرب کا احاطہ ضروری نہیں۔ اور مجتہد
کو اس میں اس قدر مہارت کرنا ضروری ہے کہ کلام عرب کے اصل مقصود سے آگاہ
ہو جائے کہ مختلف محل اور مختلف احوال میں اس سے کیا مراد ہوتی ہے۔ کیونکہ
خطاب الٰہی تو عربی زبان میں ہی وارد ہوا ہے۔ جو شخص لغت کو نہ جانتا ہو وہ
مراد شارع سے کس طرح واقف ہو سکتا ہے؟ یہ بھی ضروری ہے کہ اقوال صحابہ اور

---

۱ ایسی احادیث تخمیناً ۳ ہزار اور آیات قرآنی ۵ سو ہیں اصول القرآن والاحادیث [illegible] جو کچھ ہے وہ
[illegible] قصص، خبر، مواعظ وغیرہ ہے۔ دیکھو نور الانوار صفحہ [illegible]۔ والمراد من معرفة
الكتاب وهو مقدار خمس مائة آية لانه اصل الشرع
والباقي قصص ونحوها. والمراد من السنة ما يتعلق بها وهو مقدار ثلاثة الاف
[illegible] ما قالوا۔ نور الانوار۔

مقلدین جو ورع و صلاح میں مشہور ہوں اور فقہاء امت کے بڑے بڑے فتاوی کا علم بھی رکھتا ہو تاکہ اس کا حکم ان کے اقوال کے برخلاف واقع نہ ہو کیونکہ اس میں اختلاف کا ڈر لگا ہے۔ جب ان اقسام سے ہر ایک کے علم کو حاصل کر لیا تو اب یہ شخص مجتہد ہے تمام امور سے اس طرح کی واقفیت کی شرط نہیں ہے کہ کوئی جزوی بات بھی باقی نہ رہ جائے اور جب ان اقسام سے کسی ایک طرح کو بھی رہ جاتا ہو تو اس کو تقلید سے چارہ نہیں۔ اگرچہ وہ ائمہ مسلمین سے کسی مذہب میں عالم متبحر ہی کیوں نہ ہو لیکن ایسے شخص کو قاضی ہونا یا منصب دینے کا امیدوار ہونا جائز نہیں ہے۔

اسی طرح علامہ ابن قیم کی کتاب اعلام الموقعین میں جو غیر مقلدین کے نزدیک کا درجہ رکھتی ہے اس میں لکھا ہے۔ لا یجوز لاحد ان یاخذ من الکتاب والسنۃ ما لم یجتمع فیہ شروط الاجتہاد ومن جمیع العلوم یعنی کسی کو جائز نہیں کہ کتاب و سنت سے بطور خود کچھ اخذ کرے جب تک اس میں اجتہاد کی شرطیں جمع نہ ہوں اور ہر قسم یعنی صرف و نحو، لغت، محاورات، محکم متشابہ، ناسخ و منسوخ و صحابہ و تابعین کے اقوال کا علم نہ ہو مطلب یہ کہ کتاب و سنت سے استدلال خاص مجتہد کی شان ہے اور جس کو یہ رتبہ نصیب نہ ہو خواہ وہ کتنا ہی بڑا عالم کیوں نہ ہو اس پر مجتہد کی تقلید لازم ہے۔

پس جب کہ تصریحات بالا سے صاف ثابت ہے کہ شریعت محمدیہ میں صرف ایسا ہی عالم فاضل شخص مجتہد کے درجہ رتبہ کو پہنچ سکتا ہے۔ جس میں

---

؎ اس سے اخبار اہل حدیث یکم جنوری ۱۹۰۹ء صفحہ کی وہ تحریر غلط بلکہ دروغ ثابت ہوتی ہے کہ علماء اہل حدیث نے یہاں تک لکھ دیا ہے کہ جس کے پاس صرف قرآن مجید مع ترجمہ ہو تو اس کو اس کا تمام دین کے مسئلوں کے لیے کافی ہے۔



کل شرطیں مذکورہ بالا مع متعلقات کے پائی جائیں اور جس عالم میں کسی شرط کی ایک قسم کی بھی کمی ہے تو وہ ہرگز مجتہد کے رتبہ کو پا نہیں سکتا۔ خواہ کتنا ہی علم اس کو حاصل ہو۔ اب اس سے پہلے ہم کہتے ہیں کہ امام بخاری وغیرہ محدثین میں مجتہد ہونے کی کوئی شرط بھی مکمل پائی نہیں جاتی اور نہ ہی انہوں نے اپنے مجتہد یا فقیہ ہونے کا دعوی کیا ہے اس میں تو کوئی شک نہیں کہ آپ بڑے حافظ الحدیث اور محدث کامل تھے اور اس تعداد سے کئی درجہ زیادہ احادیث آپ کو یاد تھیں۔ جن کا کسی مجتہد کو حاوی ہونا لازمی ضروری ہے مگر علم قرآن و حدیث کے ساتھ جو یہ قید لگائی گئی ہے کہ وہ ناسخ و منسوخ، مجمل و مفسر، خاص و عام، محکم و متشابہ آیات و احادیث کا بھی علم رکھتا ہو اور ساتھ ہی اس کے کراہت و حرمت اباحت و استحباب اور وجوب کو بھی جانتا ہو۔ سو یہ باتیں کامل طور پر امام بخاری میں کہاں پائی جاتی تھیں کیونکہ یہ باتیں فقیہ سے متعلق ہوتی ہیں اور وہ محدث مشہور تھے اور محدث کو ان باتوں کا جاننا کوئی ضروری نہیں ہے صرف حدیث کو جیسا کہ اس نے سنا ہے نقل کر دینا ضروری ہوتا ہے چنانچہ اس بات کی تصریح خود غیر مقلدین کے پیشوا نواب صدیق حسن خان مرحوم نے ابجد العلوم کے صفحہ ۲۲۳ میں اس طرح پر کر دی ہے۔ من معرفۃ نصوص الاحاد والناسخ والمنسوخ وان تعلقت بعلم الحدیث لکن المحدث لا یفتقر الیہ لان ذلک من وظیفۃ الفقیہ لانہ یستنبط الاحکام من الاحادیث فیحتاج الی معرفۃ التواتر والاحاد والناسخ والمنسوخ فاما المحدث فوظیفتہ ان ینقل ویروی ما سمعہ من الاحادیث کما سمعہ فان تصدی لما رواہ فزیادۃ فی الفضل۔ یعنی تحقیق پہچاننا حدیث متواتر و احاد اور ناسخ و منسوخ کا اگرچہ علم حدیث کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ لیکن محدث اس کی طرف محتاج نہیں ہوتا کیونکہ یہ کام فقیہ (مجتہد) کا ہے کیونکہ وہ احادیث سے

سکتا ہے پس محتاج ہوتا ہے معرفت تواتر و آحاد اور ناسخ و منسوخ کے لیکن
محدث پس کا کام اس کا نقل و روایت کرنا ہے حدیث کو جمع کرنا ہے جیسی کہ گئی ہے۔ پس
اگر اپنی روایت کے لیے معرفت تواتر وغیرہ کی طرف متوجہ ہو تو یہ فضیلت میں زیادتی ہے۔

ایسے ہی چوتھی و پانچویں یعنی علم لغت و علم قیاس (فقہ) کی شرط بھی امام بخاری وغیرہ میں پورے طور پر پائی نہیں گئی کیونکہ آپ ایک کامل اور کثیر الحدیث محدث تھے اور علماء نے لکھ دیا ہے کہ اگر کوئی شخص حدیث کے ساتھ کسی اور علم کا بھی شغل رکھے تو وہ کبھی محدث نہیں ہو سکتا۔ چہ جائیکہ وہ دیگر علوم و فنون میں بھی کامل ماہر ہو سکے چنانچہ مقدمہ قسطلانی شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے: وقد قال الخطیب البغدادی ان علم الحدیث لا یعلق الا بمن قصر نفسہ علیہ ولم یضم غیرہ من العلوم الیہ وقال الامام الشافعی اتریدون ان تجمع بین الفقہ والحدیث ھیھات۔ یعنی "خطیب بغدادی نے کہا ہے کہ تحقیق علم حدیث کا صرف اسی شخص سے تعلق ہو سکتا ہے جو اپنی ذات کو اسی پر قاصر رکھے اور کسی دوسرے فن کے حاصل کرنے کو اس کے ساتھ ضم نہ کرے اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ کیا تو یہ چاہتا ہے کہ فقہ و حدیث دونوں کو جمع کرے تو یہ مشکل بات ہے۔"

امام ترمذی شاگرد امام بخاریؒ بہ نسبت محدثین کے فقہاء کے اعلم بمعانی احادیث ہونے کے اپنی صحیح کے باب غسل المیت میں اس طرح پر شہادت دیتے ہیں۔ وکذلک قال الفقہاء وھم اعلم بمعانی الحدیث۔ یعنی "فقہاء بہ نسبت محدثین کے حدیث کے معانی جاننے میں بہت عالم ہیں۔"

علاوہ اس کے شہادت ۲ میں امام اعمش متوفی ۱۴۸ھ کا قول یا معشر الفقہاء انتم الاطباء ونحن الصیادلۃ۔ گزر ہی چکا ہے جس میں وہ گروہ فقہاء کو مخاطب کر کے فرماتے ہیں کہ تم لوگ طبیب ہو اور ہم محدثین دوا فروش



در کتاب الموفق جلد ۲ صفحہ ۱۵۳ میں مروی ہے عن محمد بن سعد العوفی سمعت ابن حفص یزید بن ہارون و عندہ یحیی بن معین و علی بن المدینی و احمد بن حنبل و زہیر بن حرب و جماعۃ حتی جاء مستفت فسألہ عن مسئلۃ فقال لہ اذھب الی اھل العلم فقال لہ ابن المدینی الیس اھل العلم والحدیث عندک قال اھل العلم اصحاب ابی حنیفۃ وانتم صیادلۃ۔ یعنی "محمد بن سعد سے روایت ہے کہ میں نے اس شخص سے جو یزید بن ہارون کی مجلس میں حاضر تھا سنا ہے کہ ان کے پاس یحیی بن معین و علی بن مدینی (استاد امام بخاری) اور احمد بن حنبل (امام مجتہد) اور زہیر بن حرب اور دوسرے علماء کی جماعت بیٹھی تھی کہ آپ (یزید بن ہارون) کے پاس کوئی شخص مسئلہ پوچھنے آیا۔ آپ نے فرمایا کہ اہل علم کے پاس جاؤ۔ اس پر ابن مدینی نے ان سے کہا کیا آپ کے پاس اہل علم و حدیث بیٹھے ہوئے نہیں ہیں۔ فرمایا کہ اہل علم تو امام ابو حنیفہؒ کے اصحاب ہیں اور آپ لوگ دوا فروش ہیں۔"

پس اس سے اور اس سے پہلی تصریحات سے صاف ثابت ہے کہ عموماً بڑے بڑے محدثین قدیماً و حدیثاً فقہ سے بالکل عاری تھے اور دیگر علوم جن کی ضرورت ہے قرآن و حدیث کے معانی میں تدبر و تفقہ کی مدد مل سکتی ہے اور مجتہد کے لیے ان کی ضرورت ہوتی ہے وہ علاوہ ہے۔ یہ علم الٰہی تو صرف ائمہ مجتہدین ہی کے لیے مخصوص تھا کہ وہ ہم محدث کامل و ہم فقیہ مکمل تھے۔ جیسا کہ دوسری ہی شہادت میں امام اعمش کا قول بحق امام ابو حنیفہ اس طرح پر گزر چکا ہے۔ وانت یا نعمان جمعت الطرفین۔ یعنی "تم نے اے ابو حنیفہؒ دونوں طرف (فقہ و حدیث) سے بہرہ وافر حاصل کیا ہے۔" اسی طرح شہادت ۲۳ میں

ابو سفیان حمیری کا یہ قول لکھا ہے۔ ثلثة هم الائمة ذهب له مالم يذهب لاحد من كشف [illegible] الفقهية وتفسير [illegible] الاحاديث المبهمة۔ یعنی "امام ابوحنیفہ امت محمدیہ میں بڑے عالم تھے مسائل فقہ کے حل کرنے اور احادیث مبہمہ کی تفسیر کرنے میں، جو درجہ ان کو حاصل تھا وہ کسی کو حاصل نہیں ہوا۔"

بس اسی واسطے مولوی خرم علی نے بھی جو غیر مقلدین کے پیشوا خیال کیے جاتے ہیں، ترجمہ مشارق الانوار کے مقدمہ میں اس طرح پر لکھا ہے: "اجتہاد کرنا ہر عالم کا کام نہیں۔ اس کو بہت علم اور فہم تیز چاہیے اسی واسطے اہل سنت میں چار اماموں کے مذہب مقرر ہوگئے ان کے برابر اب تک کسی کو علم اور فہم حاصل نہیں تھا علاوہ اس کے ان کا زمانہ حضرت کے زمانہ سے بہت قریب تھا جو حضرت کے وقت کی رسم اور عادت تھی اور اس وقت کی بول چال کا طریق وہ لوگ ہی سمجھتے تھے اس وقت کے عالموں کو کہنا نہایت مشکل ہے" بلکہ بعض علماء نے تو یہاں تک لکھ دیا ہے کہ بعد امام شافعی کے زمانہ کے کوئی مجتہد مستقل پایا نہیں گیا۔

چنانچہ نافع الکبیر مقدمہ جامع صغیر کے صفحہ ۳ میں اس طرح پر لکھا ہے: وقال ابن حجر قال ابن الصلاح ان هذه المرتبة قد [illegible] من نحو ثلاث مائة [illegible] نقل ابن الصلاح عن بعض الاصوليين انه لم يوجد بعد عصر الشافعي مجتهد مستقل۔ یعنی ابن حجر نے کہا ہے کہ ابن صلاح نے فرمایا ہے کہ مجتہد مطلق مستقل کا مرتبہ قریباً تین سو سال سے منقطع ہو گیا ہے بلکہ بعض اصولیوں سے ابن صلاح نے یہ نقل کیا ہے کہ بعد زمانہ امام شافعی کے مجتہد مستقل پایا نہیں گیا۔

پھر اسی کے صفحہ ۸ میں لکھا ہے: واحمد بن حنبل لم يذكره الامام ابو جعفر الطبري في [illegible] وقال انما هو حافظ للحديث



یعنی امام احمد بن حنبل کو امام ابوجعفر طبری نے فقہاء میں شمار نہیں کیا اور کہا ہے کہ وہ صرف حافظ حدیث تھے۔

دیکھو انھوں نے تو امام احمد بن حنبل کو بھی مستقل مجتہد تسلیم نہیں کرتے چہ جائیکہ بعض آج کے امام بخاری و مسلم مجتہد مستقل ثابت کیے گئے تھے گو اس میں شک نہیں ہے کہ بہ نسبت دیگر علماء محدثین کے امام بخاری انتہائی پکے گئے ہیں اور انھوں نے صحت و حفظ احادیث کے ساتھ فقہ کو بھی حمیدی متوفی ۲۱۹ شاگرد امام شافعی سے پڑھا ہے اور اس میں کسی قدر مہارت پیدا کر کے امام شافعی کے اصول اور قواعد میں اجتہاد بھی کیا ہے جیسا کہ امام کی صحیح کے تراجم ابواب سے ظاہر ہے لیکن تاہم ان کو فقہ میں اس قدر مہارت تامہ حاصل نہ ہوئی تھی کہ غیر منصوص احکام کو قرآن و حدیث سے بذریعہ اپنے قیاس کے نکال سکتے یا کسی نظیر کو نظیر پر محمول کر کے کوئی مسئلہ برآمد کر سکتے۔ بلکہ ان کے بعض معاصرین نے تو ان کو فتوی دینے سے بھی منع کر دیا تھا اور صاف کہہ دیا تھا کہ آپ فتوی دینے کے لائق نہیں ہیں۔ چنانچہ ہدایہ کی شروح عنایہ شرح الہدایہ و کفایہ وغیرہ کے باب الرضاع میں لکھا ہے کہ امام ابوحفص کبیر متوفی ۲۱۷ شاگرد امام محمد میں جب امام بخاری بخارا میں آکر فتوی دینے لگے تو انکو امام ابوحفص کبیر نے منع کر دیا کہ آپ فتوی دینے کے لائق نہیں ہیں مگر انھوں نے اس نصیحت کو نہ مانا حتی کہ ایک دن کسی نے ان سے پوچھا کہ اگر دو لڑکوں نے ایک بکری کا دودھ پی لیا ہو تو ان کا کیا حکم ہے آپ نے کہہ دیا کہ ان میں حرمت رضاعت ثابت ہو جاتی ہے جب لوگوں نے آپ کا یہ فتوی سنا تو انھوں نے آپ پر اس قدر ہجوم کیا کہ آپ بخارا چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔

اس حکایت کے بعد فتح القدیر جلد ۳ صفحہ ۳۲۱ مقدمہ میں لکھا ہے: ومن [illegible] ليس بمعرض للمخاطب [illegible] یعنی جو

شخص احکام کے مستنبط کرنے اور فتویٰ دینے میں دقیق النظر نہیں ہوتا وہ اکثر خطا کیا کرتا ہے۔ معلوم ہوا کہ امام بخاری کا اجتہاد میں کثرت سے مشغول ہونا خود ان کے تراجم الابواب سے ہی ظاہر ہے، باوجودیکہ بخاری تصنیفات مبوب بر ترتیب فقہ و مسائل مجتہدین اور کتب فقہ مروجہ ان کے سامنے موجود تھیں تاہم انہوں نے جو ابواب اپنی صحیح میں باندھے ہیں، اگر ذرا بھی غور سے ان کو دیکھا جائے تو فوراً معلوم ہو جائے گا کہ ترجمۃ الباب کا مطلب تو کچھ اور ہوتا ہے اور حدیث جو اس کی تائید میں لائی گئی ہیں، اس کا مفہوم کچھ اور ہے جس پر شارحین بخاری کو ان کی مناسبت باہمی پیدا کرنے میں بہت ہی سرگردانی کرنی پڑی ہے اور بڑے بڑے تعلقات اور تاویلات رکیکہ کرنے پر بھی اطمینان نہیں ہوا۔ چنانچہ جن صاحبوں کو اس قسم کا نظارہ دیکھنا مطلوب ہو وہ کتاب عون الباری مطبوعہ نولکشور کا صفحہ [illegible] سے [illegible] تک ملاحظہ کریں جس میں صرف سوا ۲۰ احادیث صرف کتاب الصلوٰۃ سے نکلی گئی ہیں باقی کتاب کے ابواب کا حال علیٰ ہذا القیاس۔

پس جبکہ امام بخاری کی قابلیت ہی بہت بڑھی ہوئی تھی اور مجتہد کی شرائط مذکورہ بالا کامل طور پر سب ان میں پائی جاتی تھیں اس لیے حسب مذکورہ بالا شاہ ولی اللہ محدث کے اخیر فقرہ [illegible]
[illegible] في مذهب واحد من احد منهم [illegible]
[illegible] کے مقلدین امام شافعی میں شمار کیے گئے ہیں کہ حضرت مولوی شاہ ولی اللہ صاحب نے کتاب انصاف کے صفحہ ۶ میں [illegible] اقسام سے کسی ایک قسم کو بھی نہ مانتا ہو تو اس کو کسی مجتہد کی تقلید سے چارہ نہیں اگرچہ وہ مسلمین کے کسی مذہب میں عالم تبحر ہی کیوں نہ ہو۔ پس ایسے شخص کو نا بنانا فتویٰ دینے کا امیدوار ہونا جائز نہیں ہے۔



کی ہے: فذكره معدود في طبقات الشافعية وممن ذكره في طبقات الشافعية الشيخ تاج الدين السبكي وقال انه تفقه بالحميدي والحميدي تفقه بالشافعي واستدل شيخنا العلامة على ادخال البخاري في الشافعية بذكره في طبقاتهم وكلام النووي الذي ذكرناه شاهد له بعينه" امام بخاری طبقات شافعیہ میں شمار کیے گئے ہیں اور جن لوگوں نے ان کو طبقات شافعیہ میں ذکر کیا ہے ان میں سے شیخ تاج الدین سبکی ہیں انہوں نے کہا ہے کہ بخاری نے فقہ حمیدی سے سیکھی اور حمیدی نے امام شافعی سے فقہ سیکھی اور ہمارے استاد علامہ نے بخاری کے شافعیوں میں داخل ہونے پر یہ حجت پکڑی ہے کہ تاج الدین سبکی نے ان کو طبقات شافعیہ میں ذکر کیا ہے اور نووی کا کلام جو ہم نے ذکر کیا اس امر کا شاہد ہے۔

اور مقدمہ قسطلانی کے صفحہ ۲۸ میں لکھا ہے: وقال التاج السبكي وذكره ابو عاصم العبادي في طبقات اصحاب الشافعية. یعنی تاج الدین سبکی نے کہا ہے کہ ابو عاصم نے بخاری کو علمائے شافعیہ میں شمار کیا ہے۔ اب امام بخاری کے امام شافعی کے مذہب کی طرف منسوب ہونے اور اس میں داخل ہونے کی حقیقت بھی سن لیجیے جو شاہ صاحب ہی اس طرح پر لکھتے ہیں: ومنهم [illegible] الى [illegible] في [illegible] والاجتهاد [illegible] الادلة وترتيب [illegible] الاجتهاد [illegible] [illegible] من طريقه [illegible] [illegible] مذهب الشافعي [illegible] محمد بن اسمعيل البخاري [illegible] منسوب بشافعی ہونے کے یعنی میں کہ اجتہاد اور دلیلوں کی تلاش کرنے اور ان کو ترتیب دینے میں امام

شافعی کے طریق پر چلو اور ان کا اقتدا [illegible] کے اجتہاد سے [illegible] اگر کہیں مخالف ہو تو مخالفت کی پروا نہیں کی اور امام کے طریقہ سے بجز چند مسائل کے خارج نہیں ہوا۔ حدیث امر اس کے شافعی مذہب میں داخل رہنے کا [illegible] محمد بن اسماعیل بھی اسی قسم کے مقلدین شافعی سے ہیں۔

پس جبکہ حسب اقرار داد و تصریحات ان علمائے متقدمین کے جو باعتبار قرب زمانہ کے امام بخاری کے علم و فقہ و استنباط مسائل و غیرہ حالات سے کما حقہٗ واقف تھے، امام بخاری صرف علمائے شافعیہ میں سے ثابت ہیں اس لیے اس زمانہ کے غیر مقلدوں کے مقابلہ میں [illegible] جو عوام میں ان کو مجتہد مستقل ثابت کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں تو یہ امر محض ان کی خود غرضی و نفسانیت پر مبنی ہے کیونکہ جب تک وہ امام بخاری کو ثبوت سے امام شافعی کے رتبہ تقلید سے نکال کر مجتہد مستقل ثابت نہ کر لیں خود کس طرح مجتہد بن سکتے ہیں [illegible] جزئی مسائل میں فتویٰ دینے کے لیے سند قیمت پیش ہو سکتے ہیں مگر یہ قول ہے کہ جس کے پاس صرف قرآن مجید اور سنن ابو داؤد ہو اس کو تمام دین کے مسئلوں کے بتانے کا کوئی سبب حالانکہ [illegible] حافظ ابن قیم حنبلی متوفی [illegible] اپنی کتاب اعلام الموقعین میں صاف لکھ گئے ہیں [illegible]

[illegible] یعنی "کسی کو صرف قرآن و حدیث سے علم خود کوئی مسئلہ نکالنے کا حق نہیں [illegible] جب تک تمام علوم دینیہ [illegible] متقدمین علمائے اہل حدیث کی قرار داد اور زمانہ حال کے مدعیان اہل حدیث کی کارروائی میں کس قدر بعد مشرقین واضح ہو گیا۔

[illegible] تفاوت رہ از کجاست تابکجا

[illegible] نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے اتحاف النبلاء [illegible] میں ان کی تعریف بایں الفاظ لکھی ہے [illegible]



# رد مطاعن امام الاعظم

حیدر آبادی صاحب نے امام ابو حنیفہ کی نسبت رسالہ اہل الذکر میں جس قدر اعتراض کر کے ناحق اپنی عاقبت خراب کی ہے اگرچہ ان کے مختصر جواب خود ائمہ ثلاثہ اور [illegible] کی شہادت سے مذکورہ بالا اہل علم ان کو سمجھ سکتے ہیں لیکن تاہم ان کی طرز اس کے اعتراضات کی ترتیب وار مفصل تعلیمی کھولنا اس لیے بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ [illegible] پس کر اپنے کئے سے نادم ہو کر شدہ [illegible] کی ہدایت اور [illegible]

[illegible] کی وعید شدید مروی صحیح بخاری سے نجات حاصل ہو۔

وہابی شرح مسلم ثبوت سے ثابت ہے کہ مجتہد کے لیے پانچ سو حدیث کا [illegible] ضروری ہے لیکن امام صاحب کا اس قدر جاننا کسی کتاب حنفیہ سے ثابت نہیں اگر ہے تو نمبر وار ذکر کرو۔ الخ نیز شرح مسلم میں لکھا ہے کہ مجتہد کو علم اصول سے واقف ہونا ضروری ہے لیکن یہ شرط ہونا امام ابو حنیفہ سے بالکل مفقود ہے کیونکہ علم اصول کے مدون تو امام شافعی ہوئے ہیں جو امام ابو حنیفہ کے انتقال کے بعد پیدا ہوئے مقدمہ میں لکھا ہے مجتہد کے لیے ضروری ہے کہ تین لاکھ یا پانچ لاکھ حدیث کو جانے یہ شرط امام احمد و مالک و اصحاب صحاح ستہ خصوصاً امام بخاری میں علی وجہ الکمال پائی جاتی ہے لیکن امام صاحب کو اتنے احادیث کہاں

---

[illegible] نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے اتحاف النبلاء کے صفحہ [illegible] میں ان کی تعریف بایں الفاظ کی ہے [illegible]

یاد تھے۔

**حنفی** معلوم ہوتا ہے کہ وہابی دوست نے کبھی شرح مسلم کو نہیں دیکھا صرف سنا سنایا ہی لکھ دیا ہے کہ مجتہد کے لیے پانچ سو احادیث کا جاننا کافی ہے ورنہ اصل میں مجتہد کے لیے ۵۰۰ سو آیت اور تین ہزار ۳۰۰۰ احادیث جاننا ضروری ہے جیسا کہ نور الانوار کے صفحہ ۲ میں لکھا ہے۔ والمراد من الکتاب بعض الکتاب وھو مقدار خمس مائة آیة لانه اصل الشرع والباقی قصص ونحوها وکذا المراد من السنة بعضها وھو مقدار ثلثة آلاف علی ما قالوا۔ یعنی مجتہد کے لیے جو کتاب و سنت کا جاننا ضروری ہے سو کتاب سے مراد تقریباً ۵۰۰ سو آیات قرآنی ہیں جو اصل شریعت ہیں اور باقی قصص و مواعظ اور اخبار وغیرہ ہیں۔ اسی طرح سنت میں سے بھی تین ہزار ۳۰۰۰ احادیث ہیں جو اصل شریعت ہیں اور باقی اخبار و قصص اور مواعظ وغیرہ ہیں اور نور الانوار وغیرہ کی یہ تصریح دراصل اسی قول وعلم کتاب ھذہ علم سنة رسول اللہ کی تفسیر ہے جو شیخ التعارم کے صفحہ ۲۰۹ میں مجتہد مستقل کی شرط میں ہے اور کتاب المجموع امام نووی سے منقول ہے پس جب مجتہد کے لیے تین ہزار ۳۰۰۰ احکامی احادیث کا جاننا ضروری ثابت ہے تو اب ہم کہتے ہیں کہ یہ مقدار وافر امام اعظم میں پائی جاتی تھی اور معترض جو اپنی بے علمی اور نادانی سے انکار کرکے کہتا ہے کہ اس قدر احادیث کو امام اعظم کا جاننا کسی کتاب صحیح سے ثابت کرو ہم کتاب حنفیہ کو چھوڑ کر بقول ـــ والفضل

---

- یہ عبارت اصل اہل اللہ کے صفحہ ۱۱ میں اس عبارت پر لکھی ہے کہ مجتہد کے لیے پانچ سو اور آیت سو احادیث کا جاننا کافی ہے اگرچہ محترم ... کی عقل کا مدار کر سکتے ہیں مگر کہتے ہیں کہ جیسا اس کا مدعا تھا ویسی ہر چیز بھی ہاتھ پڑ گئی۔



ما شهدت به الاعداء کے کتب علمائے شافعیہ وغیرہ سے ہی امام موصوف کا تین ہزار کیا بلکہ کثیر احادیث میں شمار کرکے اپنے تذکرۃ الحفاظ جلد اصفحہ ۱۶۸ میں اس طرح پر لکھا ہے۔ ابو حنیفة الامام الاعظم فقیه العراق رأی انس بن مالک غیر مرة لما قدم علیهم الکوفة وحدث عن عطاء و نافع و عبد الرحمن بن هرمز الاعرج و عدی بن ثابت و سلمة بن کهیل و ابی جعفر محمد بن علی و قتادة و عمرو بن دینار و ابی اسحاق وخلق کثیر وحدث عنه وکیع و یزید بن هارون و سعد بن الصلت و ابو عاصم و عبد الرزاق و عبید الله بن موسی و ابو نعیم و ابو عبد الرحمن المقری و بشر کثیر وکان اماما ورعا عالما عاملا متعبدا کبیر الشان قال ابن المبارک ابو حنیفة افقه الناس وقال الشافعی الناس فی الفقه عیال علی ابی حنیفة وقال ابو داؤد ان ابا حنیفة کان اماما۔ انتهی مختصراً۔ یعنی امام اعظم ابو حنیفہ فقیہ عراق نے کئی دفعہ انس بن مالک صحابی کو جب کہ وہ کوفہ میں آئے تھے دیکھا اور حدیث بیان کی عطاء بن ابی رباح و نافع و عبد الرحمن بن ہرمز الاعرج و عدی بن ثابت و سلمہ بن کہیل و ابی جعفر محمد بن علی و قتادہ و عمرو بن دینار و ابی اسحاق اور بہت خلق سے اور ان سے حدیث بیان کی وکیع بن الجراح و یزید بن ہارون و سعد بن الصلت و ابو عاصم و عبد الرزاق و عبید اللہ بن موسیٰ و ابو عبد الرحمن مقری اور بہت آدمیوں نے اور تھے امام پرہیزگار، عالم، عامل، عابد، عظیم الشان۔ ابن مبارک نے کہا ہے کہ ابو حنیفہ افقہ الناس تھے اور امام شافعی نے کہا ہے کہ تمام آدمی فقہ

ابوحنیفہؒ کے وظیفہ خوار ہیں اور امام ابو داؤد نے کہا ہے کہ تحقیق ابوحنیفہ دین کے امام تھے اسی طرح علامہ محمد بن یوسف شافعی نے کتاب عقود الجمان میں ایک علیحدہ باب باندھا ہے جس کا عنوان یہ ہے۔ الباب الثالث والعشرون فی بیان کثرۃ حدیثہ وکونہ من اعیان الحفاظ یعنی باب نمبر ۲۳ امام ابوحنیفہؒ کے کثیر الحدیث اور بڑے حفاظ میں سے ہونے کے بیان میں ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ فن حدیث میں حفاظ میں کون شمار ہو سکتا ہے۔ محدثین کی اصطلاح میں حافظ اس شخص کو کہتے ہیں جس کو ایک لاکھ حدیث سنداً و متناً یاد ہو پھر متعصب مخالف کا یہ کہنا کہ امام صاحب کو بہت تھوڑی احادیث یاد تھیں اور اس لیے آپ مجتہد نہ تھے ایسی بات ہے کہ کوئی دشمن دین بھی منہ سے نہیں نکال سکتا۔

## امام صاحب کے مشائخ چار ہزار تھے

علاوہ ازیں اسباب کا اندازہ کرنا کہ امام صاحب کو کس قدر احادیث معلوم تھیں اس سے بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کے مشائخ کی تعداد جن میں تابعین و تبع تابعین ہیں چار ہزار ۴۰۰۰ تک ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر مکی شافعی نے خیرات الحسان کے صفحہ ۲۶ میں لکھا ہے۔ الفصل العاشر فی مشائخہ فی الحدیث منہم انہ اخذ عن اربعۃ آلاف شیخ من ائمۃ التابعین وغیرہم ومن ثم ذکرہ الذہبی وغیرہ فی طبقات الحفاظ من المحدثین ومن زعم قلۃ اعتنائہ بالحدیث فہو اما لتساہلہ او حسدہ اذ کیف یتأتی لمن ہو کذلک استنباط مثل ما استنبطہ من المسائل التی لا تحصی کثرۃ مع انہ اول من استنبط من الادلۃ علی الوجہ المخصوص المعروف فی کتب اصحابہ رحمہم اللہ۔ یعنی پہلے گزر چکا



ہے کہ آپ نے چار ہزار ۴۰۰۰ مشائخ ائمہ تابعین سے حدیث کو اخذ کیا اور اسی لیے امام ذہبی وغیرہ نے ان کا ذکر تذکرۃ الحفاظ میں کیا ہے اور جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ آپ حدیث کی کم پروا کرتے تھے وہ یا تو تساہل یا حسد کی وجہ سے کہتا ہے کیونکہ ایسے شخص سے کس طرح مسائل لاتحصی ولاتعد کا استنباط ہو سکتا ہے باوجودیکہ آپ ہی پہلے وہ شخص ہیں جنہوں نے استنباط ادلہ کا ایسی مخصوص وجہ سے کیا ہے کہ آپ کے شاگردوں کی کتابوں میں ہے اور یہ جس قدر بیان کیا گیا ہے چار ہزار کی تعداد دلیل کی محتاج نہ تھی کیونکہ امام موفق بن احمد مکی جلد اول کے صفحہ ۳۷ سے صفحہ ۴۵ تک اور علامہ خوارزمی نے صفحہ ۳۸ سے ۸۰ تک بترتیب حروف تہجی اکثر مشائخ کے ترتیب وار نام وغیرہ بھی لکھ دیئے ہیں جو شخص اس کی تصدیق چاہے مذکورہ کتاب ملاحظہ کر کے دیکھ لے۔

اب جاننا ہے کہ جس شخص کے استاد حدیث کے چار ہزار ہوں وہ کس قدر حدیث کا جاننے والا ٹھہرے گا۔ اگر فی شیخ صرف دو حدیث کا لینا بھی درست کر لیا جائے تو چار ہزار حدیث کے آپ حافظ ثابت ہوتے ہیں جب کہ دوسرے مقام پر تذکرۃ الحفاظ کے صفحہ ۲ پر تسلیم کرتے ہیں کہ امام شافعیؒ باوجود جلالت قدر حدیث سے امام تھے لیکن ان کے مشائخ حدیث گنتی کے صرف اسی ثابت ہوتے ہیں چنانچہ علامہ موفق بن احمد مکی نے صفحہ ۳۷ میں لکھا ہے۔ حکی عن عبد اللہ بن ابی حفص الکبیر انہ وقع منازعۃ فی زمنہ بین اصحاب ابی حنیفۃ وبین اصحاب الشافعی فجعل اصحاب الشافعی یفضلون الشافعی علی ابی حنیفۃ فقال ابو عبد اللہ بن ابی حفص عدوا مشائخ الشافعی ثم عدوا فبلغوا ثمانین ثم عدوا مشائخ ابی حنیفۃ من العلماء والتابعین فبلغوا اربعۃ آلاف فکان ہذا

هذا من أدنى فضائل أبي حنيفة" یعنی ابوعبداللہ بن ابی حفص کبیر سے لکھا ہے کہ ان کے وقت میں ایک دفعہ امام صاحب اور امام شافعی کے شاگردوں میں تنازع ہوا۔ امام شافعی کے شاگرد ان کو امام ابوحنیفہؒ پر ترجیح دیتے تھے۔ ابوعبداللہ نے کہا امام شافعی کے مشائخ کا شمار کرو کہ وہ کس قدر ہیں جب شمار کیا گیا تو ۸۰ نکلے پھر امام ابوحنیفہ کے مشائخ کا شمار ہوا تو ان کی تعداد چار ہزار تک نوبت پہنچی پھر ابوعبداللہ کہنے لگے یہ امام صاحب کے ادنیٰ فضائل سے ہے۔

**امام صاحب کے شاگردوں کی تعداد**

اسی طرح جن لوگوں نے امام صاحب سے حدیث روایت کی ہے ان کی بھی تعداد کثیر ثابت ہوتی ہے چنانچہ خیرات حسان کے صفحہ ۲۶ میں ہے "الفصل الثالث في ذكر الآخذين عنه الحديث والفقه قيل استيعابه متعذر لا يمكن ضبطه ومن ثم قال بعض الأئمة لم يظهر لأحد من أئمة الإسلام المشهورين مثل ما ظهر لأبي حنيفة من الأصحاب والتلاميذ ولم ينتفع العلماء وجميع الناس مثل ما انتفعوا به وبأصحابه في تفسير الأحاديث المشتبهة والمسائل المستنبطة والنوازل والقضايا والأحكام جزاهم الله خيرا وقد ذكر منهم بعض متأخري المحدثين في ترجمة نحو ثمانمائة مع ضبط أسمائهم ونسبهم بما يطول ذكره." یعنی امام صاحبؒ سے جن لوگوں نے حدیث و فقہ کا علم لیا ان کی تعداد کا ضبط کرنا مشکل ہے اس لیے کہ آپ سے کسی امام اسلام کے اس قدر اصحاب و تلامیذ نہیں ہوئے جتنے امام صاحب کے ہیں اور علماء دین و عوام الناس نے جس قدر نفع آپ سے اور آپ کے اصحاب سے حاصل کیا ہے اور کسی سے نہیں حاصل کیا



پہنچا ہے۔ احادیث مشکلہ کی تفسیر اور مسائل مستنبطہ و احکام و قضایا کے متعلق بعض متاخرین محدثین نے تقریباً آپ کے آٹھ سو شاگردوں کی فہرست لکھی ہے جس میں ان کا نام و نسب نقل کیا ہے ایسا ہی حافظ جلال الدین سیوطی نے تبییض الصحیفہ کے صفحہ ۹ سے لگا اصحاب ابی حنیفہؒ کی نام وار فہرست لکھی ہے اور کردری نے اپنی کتاب کے صفحہ ۲۱۹ سے ۲۴۲ تک اصحاب ابی حنیفہ کے شاگردوں سے ۷۰۰ کی فہرست تفصیل تمام کے ساتھ بیان کی ہے جس میں سے عبداللہ بن یزید مقری کی نسبت صفحہ ۲۱۹ پر لکھا ہے کہ صرف اس نے امام صاحب سے ۹۰۰ حدیث سنی تھی۔ وقس على هذا الباقي۔ اب آپ ہی خیال کریں کہ جب صرف ایک ہی شاگرد آپ کا ایسا ہے جس نے آپ سے نو سو ۹۰۰ حدیث سنی ہے اور ایسے شاگرد سینکڑوں اور ہیں جن کی تعداد کا ضبط کرنا بقول مصنفین مشکل ہے تو پھر آپ کے تحری الحدیث اور کثرت حفظ حدیث کا اندازہ باانصاف ناظرین خود لگا سکتے ہیں اور یہ بھی سمجھ سکتے ہیں کہ باوجود اس کے امام صاحب کی نسبت یہ بات کہ آپ حدیث نہیں جانتے تھے یا آپ سے بڑھ کر کوئی [illegible] علم حدیث تھا کس کا قول کہاں تک راستی سے گرا ہوا ہے۔ خیرات الحسان کے صفحہ ۲۵ میں خلف بن ایوب سے جو امام ترمذی کے استادوں میں اس طرح پر منقول ہے وقال خلف بن ايوب صار العلم من الله تعالى إلى محمد صلى الله عليه وسلم ثم صار إلى أصحابه ثم صار إلى التابعين ثم صار إلى أبي حنيفة وأصحابه فمن شاء فليرض ومن شاء فليسخط۔ یعنی خلف بن ایوب فرماتے ہیں کہ علم دین خدا تعالیٰ کی طرف سے حضرت محمد رسول اللہ صلعم کو پہنچا پھر آپ کے اصحاب کو پھر ان سے تابعین کو پھر امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کے حصہ میں آیا اب جو چاہے اس پر خوش ہو

بوجہ ان مشاغل کے ... وہ امام الائمہ تھے تو کم حدیث دیں
اسلام آپ سے روایت کی گئی ۔ صحابہ سے بھی کئی روایات اور ہے مگر نہیں
ہوئی اور یہی وجہ ہے کہ آپ کا مذہب مشرق سے مغرب تک تمام دنیا میں
پھیلا ہوا ہے اور یہی پہلے حامل الحدیث جناب رسول اللہ ... اور وہی وجہ تھی جس نے
اہل اسلام کو اس بات کی ترغیب دی ہے کہ ان پر جب ہے کہ ہی ملاحظہ
کیں اور ابو حنیفہ کے لیے دعا کیا کریں کیونکہ انہوں نے ان کے لیے رسول اللہ کی سنن
اور فقہ کو محفوظ کیا ہے دیکھو شہادت ۴۱۔ وہابی دوست کا یہ خیال بالکل غلط ہے کہ
جو ماہر فن الحدیث ہوتا ہے وہ بلا تحقیق مجتہد ہو سکتا ہے کیونکہ اگر ایسی صورت
ہوتی تو بجنب اس روایت کے اتحاف العادات کے صفحہ ۲۲ میں اس طرح پر لکھی
ہے۔ قال الشافعی لاحمد انتم اعلم بالاخبار الصحیحۃ منا
فاذا کان خبر صحیح فاعلمونی حتی اذهب الیه کوفیا
کان او بصریا او شامیا ۔ امام احمد بن حنبل کو امام شافعی پر ترجیح نہ
ہوئی ...
... لکھتے ہیں
کہ وہ صرف ماہر حدیث تھے ... کوئی مجتہد مستقل نہیں ہوں۔
ہاں یہ امر کہ صرف حدیث میں حضرت امام ابو حنیفہ کی ... چند ... بڑی
معتبر تصانیف موجود نہیں سو اس کی وجہ بھی ... بیان کر دی ہے چنانچہ
خیرات الحسان کے صفحہ ... پر لکھا ہے۔ وانما قلت الروایۃ عنه ...

؎ یعنی امام شافعی نے امام احمد سے کہا کہ آپ صحیح حدیثیں بہت زیادہ جانتے ہیں
بس تو کوئی صحیح حدیث آپ کو معلوم ہو تو مجھے آپ اطلاع دیں کہ میں اس پر عمل کروں
خواہ وہ کوفی ہو یا بصری و شامی ہو کسی ملک سے آپ کو ملی ہو۔



ثم يظهر حديثه في الخارج كما ان ابا بكر وعمر رضي
الله عنهما لما اشتغلا بمصالح المسلمين العامة لم
يظهر عنهما من رواية الاحاديث مثل ما ظهر عن
دونهما حتى صغار الصحابة رضوان الله عليهم وكذلك
مالك والشافعي لم يظهر عنهما مثل ما ظهر عن غيرهما
من رواية ابي زرعة وابن نعيم لاشتغالهما بذلك الاستنباط
على ان كثرة الرواية بدون الدراية ليس فيه كثير
مدح بل عقد له ابن عبد البر بابا في ذمه ثم قال
الذي عليه جماعة فقهاء المسلمين وعلمائهم ذم
الاكثار من الحديث بدون تفقه ولا تدبر وقال ابن
... اقل الرواية تفقه ۔ یعنی چونکہ حضرت امام ابوحنیفہ ایک بہت بڑے
مسائل دین میں مشغول تھے اس لیے آپ کی روایت حدیث کا زیادہ ظہور خارج
میں نہ ہوا جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق جب کہ عام مسلمانوں کے مصالح
اور انتظامی امور میں مشاغل تھے اس لیے ان سے روایت حدیث کا
ظہور ایسا نہیں ہوا جیسا کہ دوسرے صحابہ سے حتی کہ چھوٹے صحابہ سے ہوا ہے اور ایسا
ہی امام مالک و شافعی سے بھی اس قدر روایت حدیث کا ظہور نہیں ہوا جیسا کہ ان کے غیر
سے ہوا کیونکہ اس کام کے لیے فارغ تھے جیسا کہ ابو زرعہ اور ابو نعیم وغیرہ کیونکہ ائمہ
مذہب استنباط مسائل کے کام میں مشغول تھے علاوہ یہ کہ کثرت روایت
بغیر درایت کے موجب مدح نہیں ہے بلکہ ابن عبد البر نے اپنی کتاب میں اس کی مذمت
میں علیحدہ باب باندھا ہے اور لکھا ہے کہ فقہاء اور علماء اسلام اس امر پر متفق ہیں
کہ کثرت حدیث بدون فقہ و تدبر مذموم ہے اور ابن شبرمہ سے کہا ہے کہ ...

کرنا بہ منتقب ہے بستان المحدثین کے صفحہ ۴ پر امام مالک کا قول لکھا ہے۔ لیس العلم بکثرة الرواية انما هو نور يضعه الله في القلب یعنی علم کثرت روایت کا نام نہیں ہے بلکہ وہ ایک نور ہے جو اللہ تعالیٰ کسی دل کو بخشتا ہے میزان شعرانی کے صفحہ ۲۲ میں لکھا ہے۔ وكان الامام حمدان بن سهل يقول لو كنت قاضياً لحبست كلا من هذين الرجلين من يطلب الحديث ولا يطلب الفقه او يطلب الفقه ولا يطلب الحديث ويقول انظروا الى الائمة المجتهدين كيف طلبوا الحديث مع الفقه ولم يكتفوا باحدهما یعنی امام حمدان بن سہل کہتے ہیں کہ اگر میں قاضی یعنی حاکم ہوتا تو ان دو آدمیوں میں سے ہر ایک کو قید کرتا یعنی جو شخص حدیث کو طلب کرے اور فقہ کو طلب نہ کرے یا فقہ کو طلب کرے اور حدیث کو طلب نہ کرے اور فرمایا دیکھو ائمہ مجتہدین کی طرف کہ کیسے انہوں نے حدیث کو فقہ کے ساتھ طلب کیا اور صرف ایک کے ساتھ ہی انہوں نے اکتفا نہیں کیا۔

فاضل صاحب خیرات الحسان اور دیگر علمائے کرام نے اپنی تصنیفات میں مثل دیگر محدثین کے امام ابو حنیفہ سے بطریق کثرت زبانی روایت کے ظاہر نہ ہونے کی بڑی بھاری وجہ یہ بتائی ہے کہ چونکہ وہ دین محمدی کی ایک خاص خدمت یعنی تدوین فقہ اور اس کے ذریعہ سے سنن نبوی کے محفوظ کر دینے کے ایک اصل الاصول کام میں مشغول ہو گئے تھے جس کے مقابلہ میں کثرت تعداد ذکر روایت حدیث کا کام کچھ بھی وقعت نہیں رکھتا تھا اس لیے ظاہر ہے کہ ایک نہایت ہی عالی ارادہ کام چھوڑ کر وہ ایک ادنیٰ کام روایت حدیث کو کس طرح اختیار کر سکتے تھے جو بعض صورتوں میں بجائے خوبی کے ایک مذموم امر



بیان کی جا سکتی ہے جیسا کہ حضرات شیخین ابوبکر و عمر نے جو کچھ خدمت اسلام اور مسلمانوں کی اصلاح کی ہے وہ ان صحابہ سے قدر و قیمت میں بمدارج بڑھ کر ہے جو صرف روایت کرنے میں مشغول رہے اور اسی وجہ سے حضرات شیخین سے بمقابلہ دیگر ادنیٰ صحابہ کے حدیث کی روایت بہت ہی کم پائی گئی ہے اگر یہ کہو کہ امام مالک و امام شافعی بھی تدوین فقہ میں مشغول ہوئے تھے پھر کیوں ان سے زیادہ احادیث کی روایت ہوئی ہے۔ اس کا جواب علامہ ابن حجر نے [illegible] یہ دیا ہے کہ اگرچہ تدوین فقہ کے قواعد و اصول امام ابو حنیفہ نے قائم کر دیئے تھے امام مالک و شافعی کو اپنی تدوین فقہ میں بہت کم محنت کرنی پڑی ہے تاہم ان [illegible] بہ نسبت دیگر محدثین کے جو صرف روایت کے لیے متفرغ تھے بہت کم احادیث ظاہر ہوئی ہیں۔

دوسری وجہ امام ابو حنیفہ سے کثرت کے ساتھ حدیث ظاہر نہ ہونے کی یہ ہے کہ حضرات شیخین بکثرت روایت احادیث کے بہت ہی مخالف تھے اور یہ خیال ان کو رسول خدا کے اس ارشاد سے پیدا ہوا تھا جو آپ نے کفیٰ بالمرء کذباً ان يحدث بكل ما سمع[1] کے الفاظ سے فرمایا ہے، تھا جس پر حضرت عمر [illegible] صرف قلیل روایت کرنے کی تاکید نہیں فرماتے تھے بلکہ وہ زیادہ روایت کرنے والوں کو سزا [illegible] دینے سے دریغ نہ کرتے تھے اور حضرت صدیق نے بھی جمع کردہ احادیث کو جلا دیا تھا چنانچہ امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ صفحہ ۴ میں لکھا ہے وقد كان عمر من وجله يخطئ الصاحب على رسول

---

[1] یعنی آدمی کو اتنا ہی جھوٹ کافی ہے کہ جو بات سنے اسی کو بیان کر دے کیونکہ اس میں جھوٹ بھی ہوتا ہے اور سچ بھی اس لیے اگر ہر بات کو بیان کر دے گا تو ضرور جھوٹا ہو گا۔ مشکوٰۃ باب الاعتصام۔

الله عليه وسلم و امرهم ان يقلوا الرواية عن
نبيهم وشغلا للناس بالحديث عن حفظ
یعنی حضرت عمرؓ اس خوف سے کہ صاحب حدیث میں روایات پر خلط نہ کر
دیتے ہوں کو حکم دیا کرتے تھے کہ بہتر ہو اس سے کم روایت بیان کریں تاکہ مشغول ہو جائیں
لوگ ساتھ احادیث کے حفظ کرنے سے۔ پھر حضرت تو یہ ہے۔ عن ابی سلمة
عن ابی هريرة وقلت له اكنت تحدث في زمان عمر هكذا
فقال لو كنت احدث في زمان عمر مثل ما احدثكم
لضربني بمخفقته۔ یعنی ابی سلمہ سے روایت ہے کہ میں نے ابو ہریرہؓ
سے پوچھا کہ کیا آپ زمانہ عمرؓ میں بھی اسی کثرت سے حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ کہا
اگر میں ان کے زمانہ میں اس کثرت سے حدیث بیان کرتا تو وہ مجھے اپنی چھڑی سے
مضروب کرتے۔ عن سعيد بن ابراهيم عن ابيه ان عمر حبس
ثلاثة ابن مسعود و ابا الدرداء و ابا مسعود الانصاري
فقال قد اكثرتم الحديث عن رسول الله صلى الله
عليه وسلم۔ یعنی سعید اپنے باپ ابراہیم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت
عمرؓ نے تین صحابہ یعنی ابن مسعود، ابو درداء و ابو مسعود انصاری کو قید کیا اور فرمایا
کہ تم کو یہ سزا اس لیے دی گئی ہے کہ تم نے رسول خدا سے بہت حدیث بیان
کی ہیں اور مشہور یہ ہے۔ قالت عائشة جمع ابی الحديث عن
رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت خمسمائة
حديث فبات ليلة يتقلب كثيرا قالت فغمني فقلت
اتتقلب لشكوى او لشيء بلغك فلما اصبح قال اي بنية
هلمي الاحاديث التي عندك فجئته بها فدعا بنار



فحرقها قال خشيت ان اموت وهي عندك فيكون
فيها احاديث عن رجل قد ائتمنته ووثقت ولم يكن كما
حدثني فاكون قد نقلت ذلك فهذا لا يصح والله اعلم
یعنی حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میرے باپ نے رسول خدا سے پانچ سو احادیث
جمع کی تھیں وہ میرے پاس تھیں پس ایک دن جو آپ رات کو گھر میں تھے تو
ادھر ادھر بہت بے قراری سے کروٹیں بدلتے رہے مجھ کو فکر ہو گیا۔ تب کہ میری نسبت کوئی
شکایت پہنچی ہے یا کوئی اور امر پیش آیا ہے معلوم ہوتے ہیں۔ جب صبح ہوئی تو فرمایا کہ
میری بیٹی وہ احادیث جو تیرے پاس ہیں ان کو لے آ۔ پس میں نے فوراً لا کر
دے دیں پھر آپ نے آگ منگائی اور ان کو جلا دیا اس پر میں نے کہا کہ آپ نے ان کو
کیوں جلا دیا۔ فرمایا کہ مجھے اس بات سے خوف ہوا کہ اگر میں مر جاؤں اور یہ احادیث
تیرے پاس رہیں اور ان میں کوئی ایسی حدیث ہو کہ میں نے آدمی سے سنی ہو جس کو میں نے
معتبر اور معتمد سمجھا ہے اور اصل میں وہ حدیث ایسی نہ ہو جیسی کہ اس نے بیان کی ہے
پس اس حالت میں ایسی حدیث کا نقل کرنے والا ہوں گا اور اصل میں ایسا نہ ہو۔ واضح ہو کہ حضرات
شیخین رسول خدا سے احادیث کے روایت کرنے میں کس قدر محتاط تھے کہ صرف
بہت راویوں کے درمیان میں پڑ جانے سے بھی ان کو رسول خدا سے حدیث کے
صحیح طور پر مروی ہونے کا احتمال رہتا تھا۔ حالانکہ وہ سب عادل اور معتبر لوگ
زمانہ کے صدر اول کے تھے پس چونکہ احادیث اقتدوا بالذين من
بعدی من اصحابي ابوبكر و عمر و عليكم بسنتي وسنة
خلفاء الراشدين المهديين۔ الخ میں رسول خدا نے حضرات شیخین
کی تقلید اور اتباع کے وجوب کا صریح طور پر حکم دیا تھا اس لیے امام ابوحنیفہؒ نے
روایت حدیث کے بارے میں بھی حضرات شیخین کے مسلک اور ان کی سنت سنیہ

کا تاراج کرکے بہ نسبت دیگر محدثین کے کم روایت کی ہے اور تکثیر حدیث اور کتابت حدیث کو پسند نہیں کیا۔

حیدرآبادی دوست نے یہ بالکل جھوٹ کہا ہے کہ سب سے پہلے مدون امام شافعی صاحب تھے مانا آپ کتب سلامیہ سے نابلد ہیں ورنہ ایسا کبھی نہ لکھتے اور نہیں ہم بتاتے ہیں کہ علم شریعت و اصول کے مدون اول کون ہے اگر اس بارہ میں کسی حنفی کتاب کا حوالہ دیں تو شاید تم نہ مانو اس لیے ہم پیش ایک شافعی مذہب بزرگ کی تصنیف سے ثابت کرتے ہیں کہ علم اصول کے مدون امام ابوحنیفہ تھے نہ شافعی مثلاً جلال الدین سیوطی شافعی اپنی کتاب تبییض الصحیفہ صفحہ ۳۶ میں لکھتے ہیں۔ هو اول من دون علم الشريعة ورتبه ابوابا ثم تبعه مالك بن انس فی ترتیب الموطا ولم يسبق ابا حنيفة احد لان الصحابة

۱؎ یہ حدیث ترمذی میں ان الفاظ پر مروی ہے۔ عن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقتدوا بالذين من بعدي من اصحابي ابی بكر وعمر واهتدوا بهدي عمار وتمسكوا بعهد ابن ام عبد۔ ابن مسعود کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پیروی کرو تم میرے پیچھے میرے اصحاب سے ابوبکر و عمر کی اور چلو تم ساتھ چلنے عمار کے اور پکڑو ساتھ قول ابن ام عبد یعنی ابن مسعود کے۔

۲؎ یہ حدیث مشکوٰۃ باب الاعتصام میں سنن ابوداؤد اور مسند امام احمد سے بایں الفاظ منقول ہے۔ عن العرباض قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم ثم اقبل علينا بوجهه فوعظنا



موعظة بليغة ذرفت منها العيون ووجلت منها القلوب فقال رجل يا رسول الله كأن هذه موعظة مودع فاوصنا فقال اوصيكم بتقوى الله والسمع والطاعة وان كان عبدا حبشيا فانه من يعش منكم بعدي فسيرى اختلافا كثيرا فعليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ واياكم ومحدثات الامور فان كل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة۔ یعنی عرباض بن ساریہ کہتے ہیں کہ ایک روز نماز پڑھی رسول خدا نے ساتھ ہمارے پھر منہ مبارک ہماری طرف کرکے ایسی نصیحت ہم کو کی کہ ہمارے آنسو نکل پڑے اور دل ڈر گئے پس ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ گویا یہ نصیحت وداع کرنے والے کی ہے پس کوئی ہم کو وصیت کرو ہم کو۔ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وصیت کرتا ہوں میں تم کو پرہیزگاری اللہ تعالیٰ سے اور سننے کی اور ماننے حکم والی اپنے کی اگرچہ حاکم غلام حبشی ہو کیونکہ جو شخص جیئے گا بعد میرے تو دیکھے گا بہت اختلاف پس لازم پکڑو اپنے اوپر میری سنت اور میرے خلفائے راشدین ہدایت یافتہ کی سنت چنگل مارو ساتھ میری سنت اور خلفائے راشدین کی سنت کے اور سخت دانت مارو اس سنت پر اور دور رکھو اپنے آپ کو نئی باتوں سے کیونکہ ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔ والتابعين لم يضعوا في علم الشريعة ابوابا مبوبة ولا كتبا مرتبة۔ یعنی امام ابوحنیفہ پہلے وہ شخص ہیں جنہوں نے علم شریعت کی تدوین کی اور اس کے ابواب مرتب کئے پھر ان کی اتباع مالک بن انس کی اپنی کتاب موطا کی ترتیب دینے میں ہوئے اور امام ابوحنیفہ سے اس بارہ

میں کسی کو سبقت حاصل نہیں ہے کیونکہ صحابہ اور تابعین نے علم فریضہ میں کوئی کتاب یا کتب کی ترتیب نہیں دی۔ علامہ موفق بن محمد مکی نے اپنی کتاب کے جلد ۲ صفحہ ۲۲۵ میں لکھا ہے فذکر طلحة بن محمد جعفر ان ابا یوسف صاحب ابی حنیفة و اول من وضع الکتب فی اصول الفقه علی مذهب ابی حنیفة یعنی طلحہ بن جعفر کہتے ہیں کہ امام ابو یوسف شاگرد امام ابی حنیفہ رح ہی پہلے وہ شخص ہیں جنہوں نے علم اصول فقہ میں امام صاحب کے مذہب پر کتابیں لکھیں۔ پس جب یہ ثابت ہو گیا کہ علم حدیث و اصول فقہ کے مدون بانی امام ابو حنیفہ تھے تو پھر جیسا آدمی کا یہ کہنا کہ علم اصول سے وہ بھی کی [illegible] امام صاحب میں پائی نہیں جاتی سراسر کم [illegible] حماقت کی دلیل ہے۔

ان ہی جیسے آدمی نے جو [illegible] یہ کہا ہے کہ مجتہد کے لیے تین یا پانچ لاکھ احادیث کا جاننا ضروری ہے اول تو یہ تعداد تحقیقی نہیں ہے کیونکہ کسی نے کثرت احادیث کی ہے جیسا کشف الظنون کے صفحہ ۲۹۹ میں لکھا ہے هذا العدد [illegible] نسخت فی الحقیقة و انما المراد منه [illegible] متکررة فقط۔ یہ کروڑ لاکھ احادیث کہاں ہیں اگر تمام جہان کی احادیث جمع کی جائیں تو ۱۵ ہزار حدیث بھی صحیح ثابت نہیں ہو سکتیں حافظ جلال الدین سیوطی نے تمام جہان کی حدیث کی کتابوں سے احادیث کو نقل کر کے اپنی کتاب جمع الجوامع میں بطور استیعاب جمع کی تھا اور پھر اس جمع جوامع سے ۹۵۰ [illegible] میں حضرت شیخ علی متقی نزیل مکہ مکرمہ نے ان احادیث کو ابواب فقہ پر مرتب کر کے اپنی کتاب کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال میں جمع کیا ہے اور اپنی طرف سے کوئی حدیث باقی نہیں رہنے دی اگر [illegible] احادیث کو جن میں سب قسم کی احادیث صحیح حسن ضعیف مرفوع موقوف۔ آثار صحابہ تابعین تبع تابعین کی شمار کیا جائے تو ان



کی تعداد بمشکل ۵۰ ہزار تک پہنچتی ہے اور بحذف مکررات و [illegible] کے صرف ۳۰-۴۰ ہزار ہی رہ جاتی ہے اور پھر ان میں احکامی احادیث حسب تحریر محققین صرف تین ہزار ہیں اور اسی کے قریب ایک مجتہد کو جاننا ضروری ہے باقی جو قصص، فضائل، مواعظ وغیرہ وغیرہ ہیں اگر یہ کہو کہ امام بخاری وغیرہ نے جن سے وہ کہہ رہا ہے کہ ہم نے ۶ لاکھ احادیث سے انتخاب کر کے اپنی الجامع الصحیح کو مرتب کیا ہے تو اتنی تعداد احادیث [illegible] کو یاد نہیں تھیں تو پھر یہ [illegible] ایسا کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ایک ایک حدیث کے کئی کئی طرق ہوتے ہیں جن میں بعض صحیح بعض حسن اور ضعیف، [illegible] ہوتے ہیں چنانچہ [illegible] احادیث سے [illegible] ہے پھر [illegible] طرق کے اعتبار و شمار پر متواتر مشہور، آحاد، عزیز، غریب کا اطلاق احادیث پر کیا جاتا ہے پس اگر ہمیں طرق کی برکت سے ۲۰-۳۰ ہزار سے زیادہ نہیں ہے [illegible] زیادہ کے [illegible] ثابت کر دکھائیں جن کا [illegible] ثبوت ان کے ذمے ہے۔ دوم ۵ لاکھ حدیث کی تعداد مجتہد کے لیے نہیں ہے بلکہ [illegible] کے لیے ہے جو بلا اعتباری [illegible] اور اس کی [illegible] معرفت روایت کے [illegible] احادیث و آثار اور [illegible] صحابہ و تابعین وغیرہ سب حدیث کی تعریف میں داخل [illegible] دینا چاہیے جیسا کہ امام احمد کے جو [illegible] قول [illegible] کی کتاب [illegible] صفحہ ۵۵ سے ظاہر ہے اور مطلب اس کا یہ ہے کہ [illegible] مسائل میں فتویٰ دینا کوئی آسان کام نہیں ہے اور اس کے لیے روایات اور معلومات کا بہت ذخیرہ مفتی میں موجود ہونا چاہیے امام احمد کی تصریح مذکورہ دراصل آپ لوگوں کی تردید اور تنبیہ میں واضح ہوئی ہے جن کا خیال یہ ہے کہ صرف قرآن مجید اور سنن ابوداؤد جو تو ان کو تمام دین کے مسئلوں کے لیے کافی ہے، دیکھو اخبار اہلحدیث [illegible]

۱۹۰۹ء صفحہ ۹۔

وہابی

ایک وقت امام شافعیؒ اور محمد بن حسن شاگرد ابو حنیفہؒ میں جھگڑا مباحثہ ہوا کہ ابو حنیفہؒ زیادہ عالم ہے یا امام مالکؒ۔ اس مباحثہ میں امام شافعیؒ نے کہا کہ محمد تمہیں قسم خدا کی تم ہی بیان کرو کہ کون قرآن میں اعلم ہے تو امام محمد نے کہا اللھم صاحبکم (تمہارے صاحب امام مالک) پھر شافعی نے کہا محمد قسم خدا کی بتلاؤ سنت میں کون زیادہ عالم۔ محمد نے کہا اللھم صاحبکم یعنی امام مالک اس کے بعد امام شافعی نے کہا کہ اب قیاس باقی رہا سو قیاس کوئی چیز نہیں۔ یہ حکایت چند کتب تواریخ و طبقات میں مفصل ہے کتب معتبرہ میں غور کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ علم شافعیؒ کا امام مالکؒ سے اور علم امام احمدؒ کا شافعیؒ سے اور علم امام بخاریؒ کا ان سب سے زیادہ تھا مگر امام ابو حنیفہؒ اس درجہ میں بہت کم ہے جیسا کہ ذکر ہوا۔

حنفی

وہابی دوست نے اس مکالمہ کی کوئی سند نہیں بتائی کہ کس کتاب میں مذکور ہے صرف زبان سے کہہ دیا کہ چند کتب تواریخ و طبقات میں یہ حکایت مفصل ہے کچھ وقعت نہیں رکھتا۔ ان چند میں سے کسی ایک کا ہی نام لکھ دیا ہوتا اگر آپ یہ کہیں کہ تاریخ ابن خلکان میں یہ مکالمہ درج ہے جیسا کہ نواب صدیق حسن خان نے اتحاف النبلاء میں تاریخ ابن خلکان کا حوالہ دیا ہے مگر ہم کہتے ہیں کہ ابن خلکان میں اس قصہ کا ہونا کوئی دلیل اس کی معتبری کی نہیں ہو سکتی کیونکہ اول تو مصنف ابن خلکان قاضی شمس الدین ابی العباس احمد بن محمد ساتویں صدی کے مؤرخ تھے جنہوں نے ۶۶۹ھ میں اس کتاب کو لکھا اور اس میں بعض ایسی منہ زبانی ائمہ کی باتیں بنی سنائی بھی لکھ دیں جو کسی کتاب میں پائی نہ گئی تھیں جیسا کہ کشف الظنون کے صفحہ ۶۲۸ میں لکھا ہے فجمع فیہ ترتیب علی حروف المعجم



چنانچہ یہ قصہ بھی جو ابن خلکان نے اس طرح پر لکھا ہے قال الشافعی قال لی محمد بن الحسن ایھما اعلم صاحبنا ام صاحبکم الخ ثابت ہوتا ہے کہ صرف سنا سنایا لکھ دیا ہے اور اس کی کوئی سند بیان نہیں کی کہ کس راوی سے یہ مکالمہ امام شافعیؒ و امام محمدؒ کا روایت کیا ہے پس جب کہ اس کی کوئی سند بھی نہیں ہے تو پھر چار سو برس کے زمانہ کے پہلے کا حال بلا سند صرف ابیات پر کہ فلاں کتاب میں لکھا ہوا ہے کس طرح قابل اعتبار ہو سکتا ہے دوم اس قصہ کی بے اعتباری اس سے بھی ظاہر ہے کہ سوال کی ابتداء امام محمد سے ہوئی ہے اور چونکہ امام محمدؒ بعد امام ابو حنیفہؒ کے تین سال امام مالکؒ کی شاگردی میں رہ کر دونوں کے مبلغ علم کا خوب موازنہ حاصل کر چکے ہوئے تھے اس لیے ان کو اپنے شاگرد امام شافعیؒ سے جو صرف امام مالکؒ کے ہی مبلغ علم سے بوجہ ان کی شاگردی کے واقف تھے امام ابو حنیفہؒ و امام مالکؒ کے علم کے موازنہ کا سوال کرنا بالکل بے معنی بلکہ امر محال عقل و نقل تھا سوم اس قصہ کا اگر کچھ بھی اصل ہوتا تو ائمہ اربعہ کی کتب مناقب میں سے کسی کتاب میں تو ضرور اس کا کچھ نشان پایا جاتا اور یہ عجیب بات ہے کہ اصحاب مناقب تو اس قصہ سے بالکل ساکت رہیں اور ایک وہ مورخ جو رطب و یابس کا جامع ہو اس قصہ کو بیان کر دے اور پھر طرفہ تر یہ کہ کوئی سند بھی ساتھ بیان نہ کرے چہارم یہ قصہ ائمہ محدثین کی متذکرہ بالا ۹۹ شہادتوں خصوصاً شہادت نمبر ۹ سے بالکل منافی ہے جس میں حضرت ابن مبارک محدثین کے پیشوا جنہوں نے بوجہ شاگردی امام ابو حنیفہؒ و امام مالکؒ کے دونوں کا زمانہ خوب دیکھا ہوا تھا اور ہر دو کے مبلغ علم کا موازنہ کیا ہوا تھا۔ امام ابو حنیفہ کی فضیلت پر اس طرح شہادت دیتے ہیں۔ لیس احد احق ان یقتدی بہ من ابی حنیفۃ لانہ کان اماما تقیا ورعا

مانه فيها كشف العلم كشف لم يكشفه احد ببصودقهم
ودقته ودقق۔ یعنی امام ابوحنیفہؒ سے بڑھ کر کوئی شخص اس بات کا مستحق
نہیں ہے کہ اس کی تقلید کی جاوے کیونکہ وہ ایک امام متقی پرہیزگار، عالم، فقیہ تھے
جیسا کہ انہوں نے علم کو اپنی بصارت، فہم، ادراک اور تقوے سے کھولا ہے ایسا کسی
نے نہیں کھولا۔ دیکھو ابن مبارکؒ کس قدر امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کی فضیلت و صحت
ظاہر کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک کوئی بھی مذہب بجز امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کے
اقتدا و تقلید کا ذریعہ نہیں ہے پس اس شہادت اور نیز دیگر بزرگوں و علمائے
کرام کی شہادتوں کا نتیجہ ہوا ہے کہ محققین نے مذاہب اربعہ میں سے صرف امام
ابوحنیفہؒ اور ان کے مذہب کو ہی ترجیح دی ہے چنانچہ خود ذاکر امیر حنیفہ کے صفحہ
۱۲ میں لکھا ہے۔ عن الامام شمس الدين محمد بن
العلاء البابلي الشافعي وكان قد وصف بالحفظ والاتقان
انه كان يقول اذا سئلنا عن افضل الائمة نقول ابو
حنيفة۔ یعنی امام شمس الدین محمد بن العلاء بابلی شافعیؒ جو حفظ و اتقان سے موصوف
تھے فرماتے کہ جب کوئی ہم سے پوچھے گا کہ ائمہ میں سے افضل کون ہے تو ہم یہی
کہیں گے کہ ابوحنیفہؒ افضل ہیں۔ انصاف ہو تو ایسا ہی ہو کہ باوجود شافعی المذہب
ہونے کے افضلیت کا سوال ہونے پر امام ابوحنیفہؒ افضل ہیں انصاف ہو تو ایسا
ہی ہو کہ باوجود شافعی المذہب ہونے کے افضلیت کا سوال ہونے پر امام
ابوحنیفہؒ کو ہی افضل بتایا جاتا ہے اور اصل واقعہ کو چھپایا نہیں جاتا ہے۔ یہی
کشف الظنون کے صفحہ ۲۰۲ میں مذاہب اربعہ کا ذکر کرتے ہوئے اس طرح پر لکھا
ہے۔ قال صاحب مفتاح السعادة والمذاهب المشهورة
الحق تنتهيا العقول بالحصر في المذاهب الاربعة



وائمة الاربعة ابي حنيفة ومالك والشافعي واحمد
بن حنبل ثم الحق ولا تقف عن مذهب ابي حنيفة
رحمه الله تعالى لانه المتميز من بينهم بالتدقيق
والاحكام وجودة القريحة وقوة المدارك في استنباط الاحكام
وكثرة المعرفة بالكتاب والسنة وصحة الرأي في علم الكلام
الى غير ذلك بل ينبغي لمن يقلد مذهبا معينا في الفروع
ان يحكم بان مذهبه صواب يحتمل الخطاء قطعا یعنی
صاحب مفتاح السعادۃ نے لکھا ہے کہ وہ مذہب مشہور جن کی صحت کو عقول
نے قبول کیا ہے چار ہیں جو چار اماموں امام ابی حنیفہؒ و مالکؒ و شافعیؒ و احمد بن حنبلؒ کے
ہیں پھر ان میں سے سب سے زیادہ حق اور بہتر مذہب ابوحنیفہؒ کا ہے کیونکہ ان میں سے
زیادہ دقیق اور سب سے بڑے مستخرج مسائل اور استنباط احکام میں قوت نے
مذہب و سنت کے ساتھ اکثر مطابقت اور علم کلام میں صحت رائے کی وجہ سے
ممتاز ہے لیکن جس شخص کو کسی مذہب معین کا فروع میں مقلد ہوا ہے تو اسے
مذہب مختار رہ کر صواب محتمل الخطا کہے اور دوسرے مذہب کو خطا محتمل
الصواب جانے اور اعتقادیات میں پہلے مذہب اختیار کر کے قطعی حق اور دوسرے
قطعی خطا ہے۔ اسی طرح علامہ شیخ محمد بن سعید مرسی نے حاشیہ ترجیح مذہب
امام ابوحنیفہؒ میں ایک الانتصار والترجیح لکھ کر اسی کو ثابت کیا ہے کہ مذہب حق
یہی ہے جیسا کہ کشف الظنون کے صفحہ ۱۵۲ میں لکھا ہے۔ الانتصار والترجيح
للمذهب الصحيح لعمر بن سعيد المرسي المتوفى سنة ... في مذهب ابي
حنيفة رحمه الله تعالى۔
اب حیدرآبادی کا ایک کر کتب متعدد میں ہی غور کرتے ہیں تو یہ نکلتا ہے

علم شافعی کو امام مالک سے اور امام محمد کا شاگرد ہونے سے اور علم امام بخاری کو ان سب سے زیادہ تھا اس کی خوش فہمی ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تمام محدثین امام احمد وغیرہ کو امام ابوحنیفہ تو ایک طرف رہے آپ کے صاحب و شاگردوں کے برابر بھی نہیں مانتے بلکہ صرف ایک دوا فروش سمجھتے ہیں جیسا کہ کتاب امام موفق جلد دوسری میں مذکور ہے۔ عن محمد بن سعد ابن سعد عن حمزة بن يزيد بن هارون وعنده يحيى بن معين وعلي بن المديني واحمد بن حنبل وزهير بن حرب وجماعة آخرون اذ جاءه مستفت فسأله عن مسئلة فقال له اذهب الى اهل العلم قال فقال له ابن المديني أليس اهل العلم والحديث عندك قال اهل العلم اصحاب ابي حنيفة ونحن صيادلة۔ دیکھو جب کہ امام المحدثین یزید بن ہارون امام احمد اور علی بن مدینی کو جو استاذ امام بخاری ہیں اور جن کی نسبت خود امام بخاری نے کہا ہے کہ بجز ابن مدینی کے اور کسی استاد کے پاس اپنے آپ کو حقیر نہیں سمجھا اور یحیی صاحب وغیرہ اپنے زمانہ کے وہ بڑے امام اور امام تھے امام ابوحنیفہ کے اصحاب کے مقابلہ میں اہل علم اور قابل فتوی نہیں سمجھتے تو پھر آپ کا جہل مرکب تھا

---

— یحییٰ بن سعد ... سے روایت ہے کہ میں نے اس شخص سے کہ جو یزید بن ہارون کی مجلس میں حاضر تھا سنا ہے کہ ان کی اس مجلس میں یحییٰ بن معین اور علی بن مدینی اور احمد بن حنبل اور زہیر بن حرب اور ان کے سوا علماء کی جماعت بیٹھی تھی کہ آپ یعنی یزید بن ہارون کے پاس کوئی شخص مسئلہ پوچھنے آیا آپ نے فرمایا کہ اہل علم کے پاس جاؤ اس پر ابن مدینی نے کہا کیا آپ کے پاس اہل علم و حدیث بیٹھے ہوئے نہیں ہیں فرمایا کہ اہل علم تو امام ابوحنیفہ کے اصحاب ہیں اور آپ لوگ صرف دوا فروش ہیں۔



بڑی بات خود امام ابوحنیفہ پر ہی امام احمد اور امام بخاری کو ترجیح دینا در حقیقت نام سمجھا انصاف اور راستی کا خون کرنا نہیں تو اور کیا ہے پھر تو یہ ہے محدثین کو دوا فروش اور دوا فروشوں کو اہل قرار دینا آپ کا ہی کام ہے ایسا کار تو کسی پیر و مرد ان جیسے نہیں کرتے۔

**وہابی** | اب یہ دیکھئے کہ امام ابوحنیفہ کو کتنی احادیث یاد تھیں ابن ... نے ابن خلدون نے نقل کیا ہے کہ ابوحنیفہ نے سترہ حدیث نقل کی روایت کی ہیں اور امام احمد بن حنبل جب شافعی سے ملے تو شافعی نے کہا جانو تم ... الحدیث پھر شافعی نے جو ایک امام ہیں ائمہ اربعہ سے کہا انتم اعلم بالحديث فإن صح الحديث فأعلمني ... علم الحديث ... اور کچھ قول بخاری و مسلم کا نہیں یہ ... بن سے ایک امام شافعی کا قول ہے علی بن عبداللہ مدینی نے کہا ... سب جو محدثین روایت کی ہیں سب میں خطا و فرق ہے ابوبکر ... نے کل ڈیڑھ سو حدیث امام ابوحنیفہ نے روایت کیں نصف میں غلطی واقع ہوئی ... الوری نے کتاب المستظرف میں ان سب قول کو نقل کیا ہے

**حنفی** | وہابی صاحب حضرت امام الائمہ کی نسبت یہ بڑی بھاری جرح کیا ہے جس کو وہ بڑے طمطراق سے پیش کیا کرتے ہیں اور انہیں کا ... رسالہ حیدر آبادی نے بھی اس کو پیش کیا ہے اس لیے ہم اس پر پوری روشنی ڈالنا چاہتے ہیں صاف واضح ہو کہ امام صاحب کا حافظ الحدیث ہونا ہم ثابت کر چکے ہیں اور یہ بھی ثابت کر چکے ہیں کہ آپ کے مشائخ جن سے آپ نے حدیث کی روایت کی ہے تعداد میں چار ہزار ہیں اور آٹھ سو سے زیادہ آپ کے وہ شاگرد ہیں جنہوں نے آپ سے حدیثیں سنیں ... ان میں سے صرف یک

عبداللہ بن یزید مقری نے بھی احادیث نقل کیں اس کے علاوہ تلامذۂ امام ابوحنیفہؒ کی ان چند مسانید کے جن میں سے چند تو آپ کے خاص شاگردوں نے آپ سے بلاواسطہ احادیث کی روایت کر کے جمع کی ہیں جیسا کہ آئندہ بیان ہوگا، اگر امام ابوحنیفہؒ کے تلامذہ کی صرف دیگر تصانیف مثل امام محمد کی موطا و کتاب الآثار و کتاب الحجۃ کبیر اور امام ابو یوسف کی کتاب الخراج و امالی وغیرہ کو دیکھا جاوے تو ان میں بھی احادیث و آثار امام ابوحنیفہؒ سے بسند صحیح متصل مروی ملیں گے اور نیز مصنف ابن ابی شیبہ استاذ امام بخاری، مصنف عبدالرزاق، تصانیف دارقطنی، تصانیف حاکم، تصانیف بیہقی، و محمد بن اشرف اور تصانیف طحاوی مثل معانی الآثار اور مشکل الآثار وغیرہ کو دیکھو کہ ان میں کس قدر روایات متصل امام ابوحنیفہؒ کے ذریعے سے موجود ہیں جس سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ آپ کس قدر احادیث پر حاوی تھے۔ پھر اول شخص ہے جو ایک صاحب علم مجتہد جلیل الشان امام ابوحنیفہؒ کی نسبت یہ گمان کر سکے کہ ان کو صرف سترہ یا ساڑھے سترہ حدیث یاد تھیں یہ تو کسی کے دشمن متعصب ہی نے صداقت کا خون کر کے یہ قول اس پر چسپاں کیے ہیں کہ امام صاحب کو کتنی حدیث یاد تھیں ان میں سخت تناقض ہے ایک قول میں سترہ دوسرے میں پچاس تیسرے میں ڈیڑھ سو ۔ پھر یہ تفاوت روز افزوں ہے جیسا ایسے بے اصل متناقض اقوال کو صریح صداقت کے مقابل میں پیش کرنا اہل انصاف کے نزدیک سراسر زیادتی حاصل کرنا ہے۔ ابن خلدون کی عبارت میں صریح غلطی ہے کیونکہ ان کی یہ بات عقلاً و نقلاً غلط ہے اس پر طرہ یہ ہے کہ متعصب شخص کے قول کا اعتبار کر سکتے ہیں مولوی عبدالحی صاحب مرحوم نے تذکرۃ الرشید میں صفحہ ۲۲۴ سے صفحہ ۲۲۸ تک اس پر مفصل بحث کر کے دلائل سے اس کا رد کیا ہے اور لکھا ہے کہ ابن خلدون کی عبارت کے سیاق و سباق سے ہی اس کا غلط ہونا ثابت ہو سکتا ہے۔ چنانچہ



ابن خلدون نے پہلے اس طرح پر لکھا ہے۔ وقد تقول بعض المبغضین المتعصبین الی ان منهم من کان قلیل البضاعة فی الحدیث فلهذا قلت روایته ولا سبیل الی هذا المعتقد فی کبار الائمه لان الشریعة انما تؤخذ من الکتاب والسنة۔ یعنی بعض بغض رکھنے والے متعصبوں نے اس بات کا افترا کیا ہے کہ ائمہ میں سے جو حدیث میں قلیل البضاعت ہے، اسی لیے اس سے قلیل روایت ہوتی ہے اس اعتقاد کی ائمہ کبار مجتہدین کے حق میں کوئی سبیل نہیں کیونکہ احکام شرعیہ قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں پس جب تک قرآن و حدیث میں معرفت تامہ حاصل نہ ہو احکام شرعیہ کا ان سے کیونکر اخراج ہو سکتا ہے اور پھر اس کے بعد لکھا ہے والامام ابو حنیفة انما قلت روایته لما شدد فی شروط الروایة والتحمل

---

۱ قلت روایت کی حدیث کی بابت امام ابوحنیفہؒ کی یہ شرائط تھیں کہ حدیث کی روایت کی لائق بعض کو ان میں سخت کاوش سے کہ روایت کے دن تک حدیث برابر یاد رہے اور لازم ہے کہ امام ابوحنیفہؒ مجوزین کے برخلاف روایت بالمعنی کو جائز نہیں رکھتے حالانکہ یہ شرط بھی آنحضرتؐ کے اس قول سے ماخوذ ہے جو ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ میں ابن مسعود سے اس طرح مروی ہے نضر اللہ عبدا سمع مقالتی فحفظها ووعاها واداها کما سمع فرب حامل فقه غیر فقیه ورب حامل فقه الی من هو افقه منه۔ یعنی تازہ کرے اس آدمی کو کہ سنا کہنا میرا اور یاد رکھا اس کو اور ہمیشہ یاد رکھا اس کو اور پہنچایا اس کو جیسا کہ سنا تھا پس بعض اٹھانے والے حدیث کے فقیہ نہیں ہوتے اور بعض اٹھانے والے حدیث کے فقیہ نہیں ہوتے اور بعض اٹھانے والے حدیث کے وہ اس شخص کو پہنچاتے ہیں جو زیادہ فقیہ ہوتا ہے مطلب یہ کہ بعض یاد رکھنے والے حدیث کے خود سمجھ

وصحت رواية الحديث ليقين اذا عارضها الفعل النفسي و قلّت من اجلها رواية فقل حديثه لا انه ترك رواية الحديث متعمدا فحاشاه من ذالك ويدل على انه من كبار المجتهدين في علم الحديث اعتماد مذهبه بينهم والتعويل عليه واعتباره ردا وقبولا وما غيره من المحدثين . وهم الجمهور فتوسعوا في الشروط وكثر حديثهم والكل عن اجتهاد وقد توسع اصحابه من بعده في الشروط فكثرت روايتهم وروى الطحاوي فاكثر وكتب مسنده. یعنی امام ابوحنیفہ سے اس لئے قلیل روایت ہوئی کہ انہوں نے روایت اور اس کے تحمل کے بارہ میں سخت قیدیں لگائیں اور حدیث یقینی کو جب کہ اس کو فعل نفسی معارض ہو ضعیف سمجھا۔ یہ کہ معاذ اللہ انہوں نے

---

نہیں رکھتے اور بعض سمجھ رکھتے ہیں لیکن جس کے آگے بیان کی وہ زیادہ سمجھ رکھتا ہے چاہیے کہ جیسی سنی ہے ویسی کر پہنچا دے تاکہ جس کو پہنچائی ہے وہ اس کا مطلب سمجھے ویسی پہنچا دینے سے نہیں کہا گو دیگر جمہور محدثین نے برخلاف صریح مفہوم اس حدیث کے مسموعہ احادیث کے بعینہ الفاظ یاد رکھنے اور ان کے ویسے کے ویسے ہی ادا کرنے کی کوئی شرط نہیں رکھی بلکہ روایت کے بارہ میں یہاں تک وسعت دی ہے کہ اگر راوی صرف حدیث کا مطلب ہی اپنے الفاظ میں بیان کرے تو اس کی وہ روایت مقبول ہے چنانچہ اسی لیے صحاح ستہ میں ہزاروں احادیث بالمعنی مروی پائی جاتی ہیں جن کے الفاظ ایک دوسرے سے ہرگز نہیں ملتے صرف ان کا مطلب ملتا ہے اور یہ امر صحاح ستہ کے ناظرین پر مخفی نہیں ہے۔



